نیو یارک سٹی
اپارٹمنٹ بلڈنگ
ہنگامی تیاری پر رہنمائی



ہنگامی تیاری کے بنیادی اصول

وہ افراد جنھیں مدد کی ضرورت ہے

ہنگامی تیاری کا سامان (برائے گھریلو ہنگامی صورتحال اور ہنگامی روانگی کا بیگ)

گھر کا تحفظ اور آتش زدگی کی روک تھام

اپنی عمارت سے واقفیت حاصل کریں

آتشزدگی/ بغیر آتشزدگی کی ہنگامی حالت میں کیا کرنا ہے

ہنگامی تیاری کیلئے درکار وسائل

جسے نیو یارک سٹی فائر ڈیپارٹمنٹ نے اپارٹمنٹ بلڈنگ کے مکینوں وعملے کو اپارٹمنٹ بلڈنگ کے تحفظ کے بارے میں آگاہی دینے کے لیے تیار کیا ہے، نیز یہ کہ ہر رہائشی ہنگامی حالات کی تیاری، آتشزدگی کو روکنے اور آتشزدگی یا بغیر آتشزگی کی ہنگامی صورتحال کے دوران اپنے اہلِ خانہ اور خود کی حفاظت کے لیے کیا کچھ کر سکتا ہے۔

2024ء

نیو یارک سٹی
اپارٹمنٹ بلڈنگ
ہنگامی تیاری پر رہنمائی

اپارٹمنٹ بلڈنگ کے رہائشیوں اور عملے کے لئے

مندرجات

1. ہنگامی تیاری کے بنیادی اصول 3

A. باخبر رہیں/ ایمرجنسی نوٹیفکیشن سسٹم 3

B. اپنی جگہ پر ہی پناہ لینا/ ایمرجنسی سپلائی کٹ 3

C. ہنگامی پناہ گاہ/ سے انخلاء کب کریں 4

D. اپنی فیملی کے ساتھ دوبارہ رابطہ قائم کرنا 4

2. وہ افراد جنھیں مدد کی ضرورت ہے 4

A. اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے تو 5

B. اگر آپ مدد فراہم کرسکتے ہیں تو 5

3. ہنگامی تیاری کا سامان (برائے گھریلو ہنگامی صورتحال اور ہنگامی روانگی کا بیگ) 5

A. گھریلو ایمرجنسی سپلائی کٹ 5

B. ہنگامی روانگی کا بیگ (گو بیگ) 6

4. گھر کا تحفظ اور آتش زدگی کی روک تھام 7

A. گھریلو حفاظتی آلات 7

B. گھر میں گرمائش کی باحفاظت فراہمی 8

C. لتھیم آئی۔ اون بیٹری ای۔ سیفٹی 8

D. آتشزدگی سے بچاؤ کی اضافی تجاویز 10

E. کوئی چھوٹی سی آگ بجھانا 11

5. اپنی عمارت سے واقفیت حاصل کریں 11

A. عمارت کی تعمیر 12

B. آتشزدگی سے تحفظ کا نظام (فائر پروٹیکشن سسٹم) 12

C. محفوظ طریقے سے باہر نکلنا (اخراج کے راستے) 14

D. اپارٹمنٹ کی شناخت اور آتشزدگی میں ہنگامی صورتحال کے نشانات 15

6. آتشزدگی/ بغیر آتشزدگی کی ہنگامی حالت میں کیا کریں 15

A. آتشزدگی 15

B. طبی ہنگامی صورتحال 17

C. یوٹیلیٹی ایمرجنسی 18

D. موسمی ہنگامی صورتحال 20

E. خطرناک مواد کے باعث ہنگامی صورتحال 23

F. عمارت میں دھماکہ ہونا/گرنا 24

G. دہشت گردی 25

7. ہنگامی تیاری کیلئے درکار وسائل 27

ہنگامی حالت کی تیاری پر مبنی اس گائیڈ نیویارک سٹی فائر ڈیپارٹمنٹ نے اپارٹمنٹ بلڈنگ کے رہائشیوں اور عملے کو تقسیم کرنے کے لیے تیار کیا ہے۔

اِسے آپ کو آپ کی عمارت کے بارے میں آگاہی دینے کے لیے مرتب کیا گیا ہے نیز اِس لئے کہ آپ اور آپ کے اہلِ خانہ ہنگامی حالات کی تیاری، آتشزدگی پر قابو پانے اور آتشزدگی یا غیر آتشزدگی کی ہنگامی صورتحال کے دوران اپنی حفاظت کے لیے کیا کچھ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ عمارت کے مالک یا مینیجر سے یہ گائیڈ وصول کرتے ہیں، تو اس میں عمارت کے مالک کی طرف سے تیار کردہ بلڈنگ انفارمیشن شیٹ شامل ہوگی جو آپ کی عمارت کی تعمیر، آتشزدگی سے بچاؤ کے نظام اور باہر نکلنے؛ انفرادی ہنگامی تیاری/انخلا کی منصوبہ بندی کی چیک لسٹ؛ اور دیگر معلومات جو آپ کو ہنگامی حالت کی منصوبہ بندی سے آگاہ کریں گی، کی وضاحت کرتی ہے۔

1. **ہنگامی تیاری کے بنیادی اصول**

A. باخبر رہیں/ ایمرجنسی نوٹیفکیشن سسٹم
B. اپنی جگہ پر ہی پناہ لینا / ایمرجنسی سپلائی کٹ
C. ہنگامی پناہ گاہ/ سے انخلاء کب کریں
D. اپنی فیملی کے ساتھ دوبارہ رابطہ قائم کرنا

A. باخبر رہیں/ ایمرجنسی نوٹیفکیشن سسٹم

1. Notify NYC شہر میں ہنگامی صورتحال کی معلومات کا سرکاری ذریعہ ہے، بشمول موسمی ہنگامی صورتحال و سب۔ وے اور سڑک کی بندش۔ مفت ہنگامی انتباہات کے لئے یا موبائل ایپلی کیشنز کے لئے NYC کی ایپلیکیشن کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے، https://a858-nycnotify.nyc.gov/notifynyc/ پر سائن اپ کریں۔ تازہ ترین معلومات کے لئے NYC.gov/notifynyc پر مشورہ کریں۔

2. 311 سے رابطے میں آئیں

آن لائن

- NYC311 آن لائن
- ٹویٹر
- فیس بُک
- انسٹا گرام
- 212-نیو یارک (212-639-9865) پراسکائپ کال۔

NYC311 فی الحال بذریعہ ای میل یا قلیل وقتی پیغام کے ذریعہ درخواستوں کو قبول نہیں کرتا۔

موبائل ایپ

- NYC311 ایپ

بذریعہ فون

NYC311 کو 311 پر کال کریں۔ آپ 692-311 پر ٹیکسٹ بھی بھیج سکتے ہیں۔

212- نیو۔ یارک (212-639-9675) پر کال کریں اگر آپ:

- نیو یارک سٹی سے باہر ہیں
- وائس اوور انٹرنیٹ پروٹوکول (VoIP) فراہم کنندہ کا استعمال
- NYC311 کے ساتھ 711 یا TTY (ٹیلی ٹائپ رائٹر) کے ذریعے رابطہ قائم کرنا
- NYC311 کے ساتھ ویڈیو ریلے سروس (VRS) کے ذریعے رابطہ قائم کرنا

جب آپ 311 پر کال کرتے ہیں تو، آپ کا فون سروس فراہم کنندہ مقامی کال کرنے کے چارجز وصول کرتا ہے۔ جب آپ کو 311 سے کسی دیگر فون نمبر پر ٹرانسفر کیا جاتا ہے تو، کوئی اضافی چارجز نہیں ہوتے۔

3. ہنگامی صورتحال کے دوران، جائے وقوعہ پر ہنگامی جواب دہندگان کی ہدایات پر عمل کریں یا، اگر ہنگامی صورتحال آپ کی عمارت میں نہیں ہے تو، ہنگامی پناہ گاہ سے متعلقہ معلومات سمیت، تازہ ترین معلومات کے لئے Notify NYC، مقامی ریڈیو، ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ نیوز سروسز پر کڑی نظر رکھیں۔

B. اپنی جگہ پر ہی پناہ لینا/ ایمرجنسی سپلائی کٹ

1. کچھ ہنگامی حالات کے دوران، حکام آپ کو مشورہ دے سکتے ہیں کہ آپ جہاں ہیں وہاں رہیں (اپنی جگہ پر ہی پناہ لیں)۔ عام طور پر، اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے لیے اپنے اپارٹمنٹ میں رہنا سب سے زیادہ محفوظ ہے جبکہ اِسی اثنا میں فائر فائٹرز آگ بجھاتے ہیں یا ہنگامی جواب دہندگان قریبی خطرے کا تدارک کرتے ہیں۔
2. اس گائیڈ میں زیر گفتگو ہنگامی طریقہ کار (سیکشن 6 ملاحظہ فرمائیں، آتشزدگی یا بغیر -آتشزدگی کی ہنگامی صورتحال میں کیا کرنا ہے) یہ وضاحت کرے گا کہ کب اپنی جگہ کو چھوڑ کر نکلنا ہے اور کب اپنی ہی جگہ پر پناہ لینا ہے۔ تمام معاملات میں، موقع پر موجود پولیس، فائر فائٹرز یا دیگر ہنگامی جواب دہندگان کی ہدایات پر عمل کریں۔

3. اگر کسی ہنگامی صورتحال کا تقاضا یہ ہے کہ آپ اپنی جگہ پر ہی پناہ لیں، تو اپنے بچوں کو اسکول سے لینے کے لیے اپنی حفاظتی جگہ کو نہ چھوڑیں جب تک کہ خطرہ ٹل نہ جائے اور اپنی جگہ پر ہی پناہ لینے کے احکامات ختم نہ ہو جائیں۔ اسکولوں میں اپنی ہی جگہ پر پناہ حاصل کرنے کے اپنے ضابطے ہیں۔ ہنگامی صورتحال کے دوران محفوظ جگہ کو چھوڑ کر آپ اپنے آپ کو ہی خطرے سے دوچار کریں گے۔
4. ہنگامی موسمی صورتحال اور دیگر ہنگامی صورتحال پر کہ جس کے باعث آپ کا کئی دنوں تک اپنے گھر پر ہی رہنا درکار ہو، تو ایمرجنسی سپلائی کٹ ہمراہ رکھیں۔ سیکشن ((3A ملاحظہ فرمائیں، گھریلو ایمرجنسی سپلائی کٹ۔

C. <u>ہنگامی پناہ گاہ/ سے انخلاء کب کریں</u>

1. فوری طور پر انخلاء کریں جب آپ:
   - فوری خطرے سے دوچار ہیں۔
   - ایک ایسی عمارت میں ہیں جس میں انخلا کی سفارش کی جاتی ہے اور آپ محفوظ طریقے سے ایسا کر سکتے ہیں۔ سیکشن ((7A ملاحظہ فرمائیں۔
   - موقع پر موجود کسی ہنگامی جواب دہندہ کی طرف سے ایسا کرنے کی ہدایت کی گئی ہو۔
   - میئر یا دیگر عوامی ارباب اختیارات کی طرف سے ایسا کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔
2. اگر آپ کو لازماً اپنی عمارت سے انخلاء کرنا ہے یا حکام کی طرف سے انخلاء کرنے کی ہدایت کی گئی ہے تو، دوستوں یا فیملی کے ساتھ رہنے کے انتظامات کریں۔ ساحلی طوفان میں انخلا کے دوران، شہر اور/یا اس کے شراکت دار پانچ چھوٹے بلدیوں (boroughs) میں انخلا کے مراکز کھولیں گے۔ تو NYC.gov/knowyourzone پر وزٹ کر کے آگاہی حاصل کریں کہ انخلاء کا کون سا مرکز آپ سے قریب تر ہے، یا 311 پر کال کریں (صفحہ 3 پر ہدایات ملاحظہ فرمائیں)۔

D. <u>اپنی فیملی کے ساتھ دوبارہ رابطہ قائم کرنا</u>

اپنی فیملی اور کنبے کے افراد سے بات چیت کر لیں کہ اگر آپ کو اپنی عمارت خالی کرنا پڑی اور واپس نہ آ سکتے ہوں تو کہاں ملیں گے۔

1. ملنے کے لیے دو جگہوں کی نشاندہی کریں: ایک آپ کے گھر سے قریب والی جبکہ ایک آپ کے پڑوس سے باہر کی۔
2. علاقے سے باہر کے کسی دوست یا رشتہ دار کو نامزد کریں کہ جسے گھر کے افراد کسی آفت کے دوران الگ ہو جانے کی صورت میں کال کر سکتے ہوں۔ مقامی کالوں کے مقابلے میں لمبی دوری کی کالیں کرنا آسان ہوسکتا ہے۔ علاقے سے باہر کا یہ رابطہ آپ کو دوسروں کے ساتھ بات چیت کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

2. **<u>وہ افراد جنھیں مدد کی ضرورت ہے</u>**

A. اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے تو
B. اگر آپ مدد فراہم کرسکتے ہیں تو

A. اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے تو



1. اگر آپ کو بغیر کسی مدد کے عمارت چھوڑنے (یا عمارت سے باہر نکلنے کے بعد کہیں اور جانے) میں دشواری ہوگی تو پہلے سے ایک منصوبہ تیار کر رکھیں اور ان لوگوں کی شناخت کریں جو آپ کی مدد کر سکتے ہوں۔
   - اگر آپ تنہا رہتے ہیں، یا آپ کے گھر کے افراد کام کرتے ہیں یا آپ کی مدد کرنے کے قابل نہیں ہیں تو، (آگ یا بجلی کی خرابی کی صورت میں) پڑوسیوں سے سیڑھیاں نیچے اترنے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے کہنے پر غور کریں۔ ان کے ٹیلیفون نمبر اور دیگر رابطے کی معلومات کو ہمیشہ دستیاب رکھیں۔
   - اگر آپ انخلا کے لیے لفٹ پر انحصار کرتے ہیں تو عمارت کے مالک یا مینیجر سے پوچھیں کہ کیا وہ ہنگامی صورت حال کے دوران (یا عام حالات میں دیکھ بھال ومرمت کے لیے) لفٹ کو بند کرنے سے پہلے آپ کو آگاہ کردیں گے۔
   - اگر آپ کی عمارت میں عملہ موجود ہے، تو اپنی عمارت کے مالک یا مینیجر سے پوچھیں کہ کیا عملہ ہنگامی جواب دہندگان کو خبردار کر سکتا ہے اور/یا اگر ممکن ہو تو کیا وہ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔
   - سیکشن (2)(A) 6 میں دورانِ انخلاء امداد میں بیان کردہ عوامل کو مدنظر رکھیں۔
2. اپنے اپارٹمنٹ میں ایک ہمیشہ ہمراہ سیٹی رکھیں یا برتنوں کو آپس میں بجائیں تاکہ ضرورت پڑنے پر پڑوسیوں یا دوسروں کو مدد کے لیے اشارہ دے سکیں۔
3. اگر آپ کو دوسروں کو سمجھنے میں مدد کی ضرورت ہو یا دوسروں کو آپ کو سمجھنے میں مدد درکار ہو تو، ایک تحریری نوٹ تیار کریں اور اپنے پاس رکھیں جو آپ کی رابطے کی ضروریات کو واضح کرے۔ اگر آپ لکھ کر بات چیت کرتے ہیں تو، ایک پورٹیبل وائٹ بورڈ، چاک بورڈ یا دیگر ذاتی مواصلاتی آلہ خریدیں اور اپنے پاس رکھیں۔
4. اگر آپ اسکوٹر یا وہیل چیئر استعمال کرتے ہیں تو اپنی ڈیوائس کے سائز اور وزن کی آگاہی رکھیں، اور یہ بھی معلوم ہو کہ آیا یہ تہہ ہونے کے قابل ہے یا نہیں، تاکہ نقل و حمل کے انتظامات میں آسانی ہو۔

B. اگر آپ مدد فراہم کرسکتے ہیں تو

1- ایک دیکھ بھال کرنے والا پڑوسی بنیں۔ ہنگامی صورتحال کے دوران ، اگر ایسا کرنا محفوظ ہے تو، اُن پڑوسیوں کی خبر گیری کریں جن کو مدد کی ضرورت ہوسکتی ہے، خاص طور پر بزرگ اور معذور افراد، جن کو متنبہ کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہو۔

2- اگر آپ محفوظ طریقے سے ایسا کر سکتے ہیں اور جسمانی طور پر قابل ہیں تو پڑوسی کو عمارت سے انخلاء میں مدد کریں۔ آتشزدگی کے دوران لفٹ استعمال نہ کریں۔ سیکشن ((6A، ملاحظہ فرمائیں، انخلاء میں امداد۔

3. مدد فراہم کرتے وقت، دھیان سے سنیں کہ آپ کے پڑوسی کا کیا کہنا ہے کہ انہیں کیسے اٹھایا یا منتقل کیا جانا چاہیے۔

3. ہنگامی تیاری کا سامان (برائے گھریلو ہنگامی صورتحال اور ہنگامی روانگی کا بیگ)

A. گھریلو ایمرجنسی سپلائی کٹ
B. ہنگامی روانگی کا بیگ (گو بیگ)

A. گھریلو ایمرجنسی سپلائی کٹ

اپنے گھر میں اتنا سامانِ رسد ہمیشہ مہیا رکھیں جو سات دن تک زندہ بچے رہنے کے لیے کافی ہو۔ ذیل میں ان اشیاء کی سفارش کی جاتی ہیں جنھیں ایک آسان قابلِ رسائی کنٹینر میں رکھا جانا چاہیے (میعاد ختم ہوجانے والی اشیاء کووقتا فوقتا تبدیل کرتے رہیں):

- ✓ پینے کے پانی کا ایک گیلن یومیہ ایک فرد کیلئے
- ✓ خراب نہ ہونے والی، کھانے کیلئے فوری قابلِ استعمال، ڈبہ بند خوراک اور دستی کین اوپنر
- ✓ فرسٹ ایڈ کٹ
- ✓ فلیش لائٹ
- ✓ بیٹری سے چلنے والا AM/FM ریڈیو اور اضافی بیٹریاں
- ✓ پڑوسیوں سے مدد لینے کے لیے سیٹی
- ✓ ذاتی حفظان صحت کی اشیاء: صابن، نسوانی حفظان صحت کی مصنوعات، ٹوتھ برش، ٹوتھ پیسٹ وغیرہ۔
- ✓ سیل فون چارجنگ کورڈ اور پورٹیبل بیٹری پیک
- ✓ بچوں کی دیکھ بھال کا سامان یا دیگر خصوصی نگہداشت کی اشیاء
- ✓ پالتو جانوروں کا کھانا اور سامان رسد
- ✓ کوئی بھی دوا یا طبی سامان جسے آپ باقاعدگی سے استعمال کرتے ہوں، کی کم از کم ایک ہفتے کی مقدار کی فراہمی
- ✓ اضافی عینکیں یا کانٹیکٹ لینز کی فراہمی
- ✓ ہیئرنگ ایڈز کے لیے اضافی بیٹریاں
- ✓ کسی بھی دیگر گھریلو طبی یا مواصلاتی ڈیوائسز کے لیے بیک اپ کا سامان یا اضافی سامان

B. <u>ہنگامی روانگی کا بیگ (گو بیگ)</u>

آپ کا ہنگامی روانگی کا بیگ (گو بیگ) مضبوط اور لے جانے میں باسہولت ہونا چاہیے، جیسا کہ کندھوں پر پہننے والا بستہ یا پہیوں والا ایک چھوٹا سا سوٹ کیس۔ آپ کو اپنی ذاتی ضروریات کے لیے اپنے گو بیگ کو اپنی مرضی کے مطابق ترتیب دینے کی ضرورت ہوگی، لیکن آپکے گو بیگ میں آپکو درکارکچھ اہم چیزوں یہ میں شامل ہیں:

- ✓ ایک واٹر پروف و پورٹیبل کنٹینر میں آپ کے اہم دستاویزات کی کاپیاں (انشورنس کارڈز ، پیدائشی سرٹیفکیٹ، دستاویز انتقال، فوٹو آئی۔ ڈی ، پتے کا ثبوت وغیرہ)
- ✓ کار اور گھر کی چابیوں کا اضافی سیٹ
- ✓ کریڈٹ / اے۔ ٹی۔ ایم کارڈ کی کاپیاں
- ✓ نقد رقم (چھوٹے نوٹوں میں)
- ✓ بوتل بند پانی اور خراب نہ ہونے والا کھانا، جیسے کہ انرجی ڈرنکس یا گرینولا بارز
- ✓ فلیش لائٹ
- ✓ بیٹری سے چلنے والا AM/FM ریڈیو
- ✓ اضافی بیٹریاں/چارجر
- ✓ طبی اشیاء، بشمول:
  - فرسٹ ایڈ کٹ
  - کوئی بھی دوا یا طبی سامان جسے آپ باقاعدگی سے استعمال کرتے ہوں، کی کم از کم ایک ہفتے کی مقدار کی فراہمی
  - میڈیکل انشورنس، میڈی کیئر اور میڈیکیڈ کارڈز
  - ادویات (اور مقدارِ خوراک)کی فہرست
  - ڈاکٹروں کے نام اور رابطے کی معلومات
  - طبی حالتوں، الرجی اور طبی سامان کے بارے میں معلومات۔
- ✓ بیت الخلا کے لوازمات
- ✓ نوٹ پیڈ اور قلم
- ✓ اپنے کنبے سے رابطہ کرنے اور ملاقات کی جگہ کی معلومات
- ✓ ہلکی پھلکی برساتی پوشاک اور کمبل
- ✓ آپ کو راحت دینے یا مشغول رکھنے کی اشیاء، جیسے کہ کتاب یا تاش کے پتے
- ✓ بچوں کی دیکھ بھال کا سامان، بشمول گیمز اور چھوٹے کھلونے۔
- ✓ پالتو جانوروں اور خدمت گزار جانوروں کے لئے:
  - اگر آپ الگ ہو جائیں تو ایسی صورت میں، آپ کے پالتو جانور یا خدمت گزار جانور کی تازہ ترین رنگین فوٹو (یا اس سے بھی بہتر یہ ہے کہ، ایک فوٹو جس میں آپ اکھٹے ہوں)

- جانوروں کے ڈاکٹر کا نام اور رابطہ کی معلومات
- ملکیت، رجسٹریشن، مائکروچپ اور ویکسینیشن کی معلومات۔
- کھانے اور پانی کے برتن
- پٹہ اور (اگر ضرورت ہو تو) تھوتھنی
- اپنے پالتو جانوروں یا خدمت گزار جانوروں کو پُرسکون رکھنے میں مدد کی غرض سے کیریئر پر ڈالنے کیلئے کپاس کی چادر
- صفائی کے لیے پلاسٹک بیگ

4. گھر کا تحفظ اور آتش زدگی کی روک تھام

A. گھریلو حفاظتی آلات
B. گھر میں گرمائش کی باحفاظت فراہمی
C. لتھیم آئی۔ اون بیٹری ای۔ سیفٹی
D. آتشزدگی سے بچاؤ کی اضافی تجاویز
E. مختصر سی آتشزدگی کو بجھانا

آپ اپنے گھر کو آتشزدگی یا کسی دیگر ہنگامی صورتحال سے بچا سکتے ہیں اگر آپ اپنے گھر میں کام کیلئے حفاظتی ڈیوائسز کے ساتھ ساتھ گھر کو محفوظ طریقے سے گرم کرتے ہیں اور آگ بھڑکنے سے پہلے اس سے بچنے کے لئے اقدامات کرتے ہیں۔

A. گھریلو حفاظتی آلات

1. دھواں اور کاربن مونو آکسائیڈ الارم

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے اپارٹمنٹ میں دھویں کا الارم (جسے سموک ڈیٹیکٹر بھی کہا جاتا ہے) اور کاربن مونو آکسائیڈ کے الارم لگے ہوئے ہیں۔ نیو یارک سٹی کے قانون کے مطابق مکان مالکان اور دیگر مالکان کو ہر آرامگاہ اور تہہ خانے میں داخلے کے 15 فٹ کے اندر دھویں اور کاربن مونو آکسائیڈ الارم لگانا ضروری ہے۔ (نئی عمارتوں میں بھی ہر آرامگاہ میں ایک الارم ہونا ضروری ہے۔)
- دھویں/کاربن مونو آکسائیڈ کے مشترکہ الارم بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

- یقینی بنائیں کہ الارم ابھی بھی کام کر رہے ہیں۔ کرایہ دار اپنے اپارٹمنٹس میں دھویں اور کاربن مونو آکسائیڈ الارم کو چالو حالت میں رکھنے کے ذمہ دار ہیں۔
- مہینے میں کم از کم ایک بار ٹیسٹ بٹن دباکر آلات کی جانچ کریں۔
- نئے ماڈل بجلی سے چلتے ہیں یا ان میں 10 سال کی بیٹری ہوتی ہے۔
- پرانے ماڈلز میں بدلنے والی بیٹریاں ہوتی ہیں۔ بیٹریاں سال میں کم از کم دو بار تبدیل کریں (اسکا بہترین وقت وہ ہوتا ہے جب آپ موسم بہار اور موسم خزاں میں گھڑیاں تبدیل کرتے ہیں)۔ اگر الارم آواز دیتا ہے تو بیٹری کو فورا بدل دیں جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ بیٹری کمزور ہے۔
- دھویں اور کاربن مونو آکسائیڈ الارم کو مینوفیکچررز کی سفارش کے مطابق تبدیل کرنا ضروری ہے، البتہ ہر10 سال میں کم از کم ایک بار۔

2. معاون آلات

- اگر آپ یا آپ کے گھر کا کوئی فرد بہرا ہے یا اس کی سماعت محدود ہے تو، دھویں/کاربن مونو آکسائیڈ ڈیٹیکٹر ڈیوائسز کہ جو بصری (اسٹروب) یا سپرش (کمپن) الرٹ کو چالو کرتے ہیں، کی تنصیب کے بارے میں عمارت کے مالک یا منیجر سے مشورہ کریں۔
- مزید معلومات کے لئے ، سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔

B. گھر میں گرمائش کی باحفاظت فراہمی

1. اگر آپ کو مطمئن نہیں کہ آپ کا گرمائش کا منبع محفوظ ہے یا نہیں تو، فائر انسپکشن کے لیے 311 پر کال کریں (صفحہ 3 پر ہدایات ملاحظہ فرمائیں)۔
2. اگر آپ کو ایک پورٹ ایبل ہیٹر کی ضرورت ہو، تو (ڈھکے ہوئے ہیٹنگ عناصر والا) صرف وہی پورٹ ایبل برقی ہیٹر استعمال کریں جو اندرونی استعمال کے لیے منظور شدہ ہو۔ اپنے اپارٹمنٹ کو گرم کرنے کے لیے اپنا چولہا یا تندور استعمال نہ کریں۔ مٹی کا تیل یا پروپین ہیٹر استعمال نہ کریں، جو کہ نیویارک سٹی میں اندرونی استعمال کے لیے خطرناک اور غیر قانونی ہیں۔
3. پورٹیبل ہیٹر کو چلانے کے لیے درکار پاور کرنٹ کو چیک کریں۔ یقینی بنائیں کہ یہ معیاری گھریلو برقی سرکٹ پر محفوظ طریقے سے کام کر سکے۔ سیکشن ((4C، آگ سے بچاؤ کی تجاویز ملاحظہ فرمائیں۔
4. جب یہ آن ہوتو ہیٹر کو وقتا فوقتا چیک کریں، اور جب آپ اپارٹمنٹ سے باہر نکلیں یا جب آپ سوتے ہیں تو اسے بند کردیں۔ جب پورٹیبل اسپیس ہیٹر آن ہو تو بچوں کو کبھی بھی کمرے میں تنہا نہ چھوڑیں۔
5. تمام گھریلو سامان جو آگ پکڑ سکتے ہیں، بشمول فرنیچر، پردے، قالین اور کاغذ اسے گرمائشی منبع سے کم از کم تین فٹ فاصلے پر رکھیں۔ کبھی بھی خشک کرنے کے لیے اسپیس ہیٹر پر کپڑے نہ لٹکائیں۔

C. لتھیم آئی۔ اون بیٹری ای۔ سیفٹی

(لی۔ آئن بیٹری سے چلنے والے مائکرو موبلٹی آلات سے وابستہ آتشزدگی سے حفاظتی خطرات)

1. نیویارک شہر میں، لتیم آئن بیٹریاں آتشزدگی اور آگ سے ہونے والی اموات کی ایک اہم وجہ بن چکی ہیں۔ یہ بیٹریاں مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز جیسے کہ ای بائک، ای سکوٹر، ہوور بورڈز اور دیگر آلات میں پائی جاتی ہیں۔ ان بیٹریوں سے بھڑکنے والی آگ دھماکہ خیز، زود اثر اور تباہ کن ہے۔
2. حالیہ برسوں میں نیویارک سٹی میں متعدد رہائش گاہوں میں آتشزدگی، آگ سے جل جانے اور آگ سے ہونے والی اموات میں اضافہ ہوا ہے۔

سال	آتشزدگی	چوٹیں	اموات
2022	99	114	5
2023	106	94	7
2024ء (2024/21/10 تک)	85	67	3

3. لیتھیم آئی۔ اون بیٹریاں جو خراب ہوں یا جو تحریف کردہ ہوں، خاص طور پر خطرناک ہیں۔ ایک ایسی بیٹری جو شہر کی گلی میں پھینک دی گئی تھی، مسلسل دھماکوں کے ساتھ 10 منٹ تک جلتی رہی اور جلتے ہوئے ملبے کو پھیلاتی رہی۔
اُسکی ویڈیو یہاں ملاحظہ فرمائیں: https://www.youtube.com/watch?v=abSwglkpJ20&t=1s۔
4. لیتھیم آئی۔ اون بیٹریوں کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کے بارے میں معلومات یہاں ملاحظہ فرمائیں: www.FDNYsmart.org۔

اگر آپ ذیل کا مشاہدہ کریں تو اپنی لیتھیم آئی۔ اون بیٹری کو فوری طور پر چارج کرنا بند کریں اور 911 پر کال کریں:

- آگ یا دھواں بننا
- بیٹری کی اوور ہیٹنگ
- بیٹری کی شکل یا رنگ میں تبدیلی
- بیٹری کا عجیب طرح کا شور کرنا
- بیٹری کا لیک ہونا
- بیٹری کی غیر مانوس بو
- بیٹری کا خراب ہونا یا اس سے چھیر چھاڑ کی گئی ہو

ای-سیف رہنے کے لیے یہ اقدامات کریں

- **لیتھیم آئی۔ اون بیٹری سے چلنے والی صرف وہ ای۔ بائیک یا دیگر مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز خریدیں جو کسی تسلیم شدہ ٹیسٹنگ لیبارٹری سے تصدیق شدہ ہوں۔ بیٹری پر UL یا دیگر تسلیم شدہ ٹیسٹنگ لیبارٹری کی علامت تلاش کریں جو UL کے معیار 2849، 2272 یا 2271 کا حوالہ دیتا ہو۔**
  - کیوں؟ یہ سرٹیفیکیشن اس بات کا ثبوت فراہم کرتی ہیں کہ یہ مصنوعات صنعتی معیار کے مطابق ہیں اور عام حالات میں کام کرنے کے لیے محفوظ ہیں۔

- **ڈیوائس کے ساتھ فراہم کردہ اوریجنل بیٹری، پاور اڈاپٹر اور پاور کورڈ، یا پھر مینوفیکچرر کی طرف سے تجویز کردہ یا تسلیم شدہ ٹیسٹنگ لیبارٹری سے تصدیق شدہ متبادل آلات استعمال کریں۔**
  - کبھی بھی نا منظور شدہ چارجر/بیٹریاں استعمال نہ کریں، خواہ اُن کی قیمت کم ہی کیوں نہ ہو۔
  - کیوں؟ ہو سکتا ہے کہ غیر تصدیق شدہ بیٹریاں یا چارجر آپ کی مصنوعات کے ساتھ کام کرنے کے لیے ڈیزائن نہ کی گئی ہوں۔
  - نتیجہ: ایک غیر منظور شدہ بیٹری اوور چارج، اوور ہیٹ اور آگ پکڑ سکتی ہے۔

- **ای بائیک کو چارج کرتے وقت براہ راست برقی دیوار کی ساکٹ میں لگائیں۔**
  - لیتھیم آئی۔ اون بیٹری کو ایکسٹینشن کورڈ یا پاور سٹرپ کے ساتھ کبھی بھی چارج نہ کریں۔
  - کیوں؟ ان بیٹریاں کو بہت زیادہ برقی کرنٹ درکار ہوتا ہے، جو زیادہ تر ایکسٹینشن کورڈز اور پاور اسٹریپس برداشت نہیں کر سکتیں۔
  - نتیجہ: ایکسٹینشن کورڈز یا پاور اسٹریپس اوور ہیٹ ہوسکتی ہیں اور آگ پکڑ سکتی ہیں۔

- **اگر ممکن ہو تو اپنی ای۔ بائیک یا دوسرے آلات کو کسی محفوظ فیسلٹی میں چارج کریں، اپنے اپارٹمنٹ میں نہیں۔ اپنے بلڈر یا آجر سے پوچھیں کہ کیا وہ محفوظ چارجنگ اور اسٹوریج کی سہولت فراہم کر سکتے ہیں۔**
  - کیوں؟ لیتھیم آئی۔ اون بیٹریاں بہت زیادہ توانائی ذخیرہ کرتی ہیں اور جب وہ اوور ہیٹ ہوتی ہیں تو وہ انتہائی درجے کی توانائی خارج کرتی ہیں۔ زیادہ تر اپارٹمنٹس میں پُھہارے (اسپرنکلرز) نہیں ہوتے، اور بہت سے آرائشی سازو سامان اور گھریلو اشیاء انتہائی آتش گیر ہوتی ہیں۔
  - نتیجہ: آپ کے اپارٹمنٹ میں لگنے والی آگ تباہ کن ہوسکتی ہے۔

- **یقینی بنائیں کہ آگ لگنے کی صورت میں آپ کے پاس اپارٹمنٹ سے باہر نکلنے کا راستہ موجود ہو!**
  - اپنی لیتھیم آئی۔ اون بیٹری کو کبھی بھی اپارٹمنٹ کے اُس دروازے یا کھڑکی کے ساتھ چارج یا اسٹور نہ کریں، جسے (آگ لگنے کی صورت میں) نکل بھاگنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

- **اپنی ای بائیک یا ای بائیک کی بیٹری کی چارجنگ کے دوران نگرانی کرتے رہیں۔**
  - چارجنگ اور اسٹوریج سے متعلقہ مینوفیکچرر کی ہدایات پڑھیں اور ان پر عمل کریں۔
  - کبھی بھی بیٹری کو رات بھر کیلئے یا جب آپ اپارٹمنٹ میں نہ ہوں تو چارج نہ کریں۔
  - کبھی بھی ای بائیک یا ای بائیک کی بیٹری کو اپنے بستر یا صوفے یا اس کے قریب، یا پردے، کاغذات یا دیگر قابلِ احتراق (آتش گیر) مواد کے قریب چارج نہ کریں۔

D. آتشزدگی سے بچاؤ کی اضافی تجاویز

1. پھینکی گئی، حادثاتی طور پر جلتی رہ جانے والی، اور لاپرواہی سے استعمال کی جانے والی سگریٹیں آگ سے ہونے والی ہلاکتوں کی ایک بڑی وجہ ہیں۔ کبھی بھی بستر پر یا جب آپ غنودگی کا شکار ہوں تو سگریٹ نوشی نہ کریں، اور جب صوفے یا دیگر فرنیچر پر سگریٹ نوشی کریں تو خاص طور پر محتاط رہیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ ہر سگریٹ کو ایش ٹرے میں مکمل طور پر بجھا دیں، جو گہرا ہو اور گرنے کا خطرہ نہ ہو۔ کبھی بھی جلتا یا سلگتا ہوا سگریٹ فرنیچر پر نہ رکھیں۔

2. بچوں کے ہاتھ میں ماچس اور لائٹر کا ہونا مہلک ہو سکتا ہے۔ انہیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں اور انہیں آتشزدگی کے خطرے سے آگاہ کریں۔

3. پکانے کے دوران کچن کو بلا نگرانی نہ رہنے دیں۔ چولہے کے پھالے کو صاف اور ایسی اشیاء سے پاک رکھیں جن میں آگ لگ سکتی ہے۔ سونے سے پہلے ، اپنے باورچی خانے کو چیک کریں اور اطمینان کر لیں کہ آپ کا چولہا اور تندور بند ہے۔

4. حرارتی پرزوں والے کافی کے برتنوں، گرم پلیٹوں اور دیگر برقی آلات کی نگرانی کریں۔ جب ضرورت نہ ہو تو انہیں چلتا ہوا مت چھوڑیں۔ یقینی بنائیں کہ رات کو یا جب کوئی گھر نہ ہو توانہیں بند کردیا جائے۔

5. بجلی کے آؤٹ لیٹس میں کبھی بھی بہت سارے آلات کو یکمشت پلگ۔ ان نہ کریں۔ زیادہ تر گھریلو آؤٹ لیٹس 15 ایمپیئر برقی کرنٹ لوڈ برداشت کرتے ہیں، ما سوائے بڑے گھریلو ایپلائینسز یا ایئر کنڈیشنرز کے لیے مختص کردہ آؤٹ لیٹس کے۔ گھریلو آلات جیسے کہ مائیکروویو، ٹوسٹر، کافی میکر، ہاٹ پلیٹ اور دیگر وہ آلات جو زیادہ مقدار میں برقی کرنٹ استعمال کرتے ہیں، اُنھیں ایک ہی برقی ساکٹ پر بغیر یہ جانچے کہ وہ کتنا کرنٹ استعمال کرتے ہیں، نہ چلائیں۔

6. بجلی کی کوئی بھی تار جو پھٹی ہوئی یا رگڑ کھائی ہوئی ہو، تبدیل کردیں۔ ایکسٹینشن کورڈز کو کبھی بھی قالینوں کے نیچے سے نہ گزاریں۔ صرف پاور سٹرپس استعمال کریں، جن میں سرکٹ بریکر لگا ہو۔

7. آتشزدگی سے بچاؤ کے راستے کی طرف جانے والے تمام دروازوں اور کھڑکیوں کو رکاوٹوں سے پاک رکھیں۔

8. عمارت کے مالک یا منتظم کو راہداریوں، سیڑھیوں، آگ سے بچاؤ کے راستوں یا دیگر خارجی راستوں میں موجود کسی بھی رکاوٹ یا کچرے کے ڈھیر کی اطلاع دیں۔

9. کھڑکیوں پر پھاٹک (ونڈو گیٹس) صرف اس وقت لگائیں جب سیکیورٹی وجوہات کے لیے بالکل ضروری ہوں۔ صرف فائر ڈیپارٹمنٹ سے منظور شدہ کھڑکیوں کے پھاٹک (ونڈو گیٹس) نصب کریں۔
   - کھڑکیوں پر ایسے پھاٹک نصب نہ کریں جن میں چابی یا نمبر ملانے والا تالا لگا ہو۔ چابی ڈھونڈنے یا نمبر ملانے میں تاخیر سے جانیں ضائع ہو سکتی ہیں۔
   - خود کو اور اپنے گھر کے افراد کو کھڑکی کے پھاٹک (ونڈو گیٹ) کے طریقۂ کار سے واقفیت کرائیں۔
   - کھڑکی کے پھاٹک (ونڈو گیٹ) کو ہمیشہ فعال چالو حالت میں برقرار رکھیں تاکہ بوقتِ ضرورت آسانی سے کھل جائے۔ کوئی فرنیچر یا ذاتی اشیاء کھڑکی میں نہ رکھیں کہ جس سے کھڑکی کے پَٹ کھلنے میں رکاوٹ پیدا ہو۔

10. اپنے آپ کو اور اپنے گھر کے افراد کو عمارت کی تمام سیڑھیوں کی لوکیشن، آتشزدگی میں بچ نکلنے اور اخراج کی جگہوں او ان تک پہنچنے کے راستے سے واقف کرائیں۔

11. اپنے گھر کے افراد کے ساتھ مل کر ہنگامی راستہ تیار کریں تاکہ عمارت میں آگ لگنے کی صورت میں استعمال کیا جا سکے۔ اگر آپ آتشزدگی کے دوران الگ ہو جائیں تو، اپنی عمارت سے محفوظ فاصلے پر میٹنگ کی جگہ کا انتخاب کریں جہاں آپ سب کو ملنا چاہیے۔

12. تازہ کاٹی گئی آرائشی سبز شاخوں، بشمول کرسمس ٹری اور چھٹی کے دن پھولوں کے ہار کے استعمال اور جگہ کے تعین میں احتیاط برتیں۔ اگر ممکن ہو تو انہیں زمین میں لگائیں یا پانی میں رکھیں۔ انہیں عوامی راہداریوں میں یا ایسی جگہوں پر نہ رکھیں جہاں آگ لگنے کی صورت میں یہ آپ کے اپارٹمنٹ سے نکلنے کا راستہ روک سکیں۔ انہیں موم بتیوں اور چمنی سمیت کسی بھی شعلے سے دور رکھیں۔ تازہ آرائشی سبز شاخوں کو طویل مدت کے لیے نہ رکھیں؛ خشک ہونے پر یہ آسانی سے جلنے والی ہو جاتی ہیں۔

13. گھر کے اندر کبھی بھی پروپین، چارکول یا دیگر پورٹیبل گرل استعمال نہ کریں۔

14. آرائشی آتشدان جن میں مائع الکحل یا دیگر آتش گیر مائعات استعمال ہوتے ہیں، آگ لگنے کے ممکنہ خطرے کا باعث بن سکتے ہیں۔ مائع آسان سے پھیلتا اور جلدی بھڑکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔

E. کوئی چھوٹی سی آگ بجھانا

1. آپ سے یہ توقع نہیں کی جاتی کہ آگ پھیلنے کے بعد آپ اُسے بُجھائیں۔ اس کے بجائے:
   - سب کو اپارٹمنٹ سے باہر نکال دیں۔
   - فوری طور پر وہاں سے نکل جائیں اور اپنے پیچھے اپارٹمنٹ کا دروازہ بند کردیں۔ **(یہ کرنا بہت اہم ہے۔)**
   - جیسے ہی آپ کسی محفوظ مقام پر پہنچیں 911 پر کال کرکے آتشزدگی کی اطلاع دیں۔ (اگر آپ کی عمارت میں فائر الارم سسٹم موجود ہے تو عمارت سے نکلتے وقت فائر الارم کو فعال کرنے کے لیے گُھنڈی (مینول پُل اسٹیشن) کو استعمال کریں۔)
   - عمارت کے کسی بھی عملے کو مطلع کریں۔

2. آپ پورٹیبل آگ بجھانے والا آلے کو ایسی آگ کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، جو ابھی تک پھیلی نہیں ہے۔ معیاری اے۔ بی۔ سی قسم کے (خشک کیمیکل والے) آگے بجھانے کے پورٹیبل آلات گھریلو آگ بجھانے کے لیے تیار کیے گئے ہیں، سوائے چولہے پر لگنے والی آگ کے۔ پین یا پتیلے کو ڈھانپ دیں اور/یا چولہے پر لگی چکنائی/تیل سے بھڑکنے والی آگ کے لیے بیکنگ سوڈا یا مائع کیمیکل والا آگ بجھانے والا پورٹیبل آلہ (جس پر کلاس K کا نشان ہو) استعمال کریں۔

3. پورٹیبل آگ بجھانے والا آلہ استعمال کرنے کے لیے، P. A. S. S کو یاد رکھیں:
   - کھینچیں
   - نشانہ باندھیں
   - بھینچ دیں
   - چھڑکائیں

1. فائر بجھانے والے آلے کو عموداً رکھیں اور حفاظتی پن (چھلے) کو باہر کھینچیں۔

2. آگ سے مناسب فاصلے پر کھڑے ہوں اور آگ کے قریب ترین حصے کی بنیاد کو نشانہ بنائیں۔

3. ہینڈلز کو ایک ساتھ دبائیں اور فائر بجھانے والے آلے کی دھار کو ایک طرف سے دوسری طرف، آگ کو یکساں طور پر ڈھانپتے ہوئے چھڑکیں۔

اس سادہ سے لفظ کو یاد رکھیں - PASS

کھینچنا، نشانہ باندھنا،
بھینچنا، چھڑکانا

5. اپنی عمارت سے واقفیت حاصل کریں

اپنی عمارت کی تعمیر اور آگ سے بچاؤ کے نظام کی اقسام کے بارے میں جانیں۔ اس سے آپ کو اپنی عمارت میں آگ لگنے یا آگ نہ لگنے کی صورت میں باخبر فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔

- عمارت کی تعمیر: کیا آپ کی عمارت فائر پروف (غیر آتش گیر) مواد یا نان فائر پروف (آتش گیر) مواد سے بنی ہے؟
- بلڈنگ کا آتشزدگی سے تحفظ کا نظام: کیا آپ کی عمارت کواسپرنکلر سسٹم سے محفوظ کیا گیا ہے؟ کیا اس میں فائر الارم سسٹم ہے یا بلڈنگ کمیونیکیشن سسٹم ہے؟
- محفوظ طریقے سے باہر نکلنا (اخراجی راستے): ایمرجنسی کی صورت میں میں عمارت سے کیسے نکل سکتا ہوں؟ سیڑھیاں اور دیگر راستے مجھے کہاں لے جاتے ہیں: سڑک پر، لابی میں، عقبی برآمدے یا کسی دوسرے مقام پر؟

اپنے عمارت کے مالک سے موصول ہونے والی بلڈنگ انفارمیشن شیٹ کا جائزہ لیں۔ اپارٹمنٹ بلڈنگز کے مالکان (جو تین یا اس سے زیادہ اپارٹمنٹس پر مشتمل ہوں) کیلئے تمام رہائشیوں اور عمارت کے عملے کو عمارت کی معلوماتی شیٹ اور نیو یارک سٹی اپارٹمنٹ بلڈنگ کی ہنگامی حالت کی تیاری پر مشتمل گائیڈ کی تیاری کرنا اور تقسیم کرنا ضروری ہے۔ انہیں آپ کے اپارٹمنٹ کے داخلی دروازے کے اندر اور لابی یا مشترکہ علاقے میں ایمرجنسی تیاری کا نوٹس بھی چسپاں کرنا ضروری ہے۔

A. عمارت کی تعمیر
B. آتشزدگی سے تحفظ کا نظام (فائر پروٹیکشن سسٹم)
C. محفوظ طریقے سے باہر نکلنا (اخراج کے راستے)
D. اپارٹمنٹ کی شناخت اور آتشزدگی کی ہنگامی صورتحال کے نشانات

A. عمارت کی تعمیر

1. ناقابلِ احتراق عمارتیں۔ "نا قابل احتراق" یا "آگ سے محفوظ" عمارت ایک ایسی عمارت ہوتی ہے جس کے ساختی اجزاء (عمارت کے معاون عناصر، جیسے کہ اسٹیل یا کنکریٹ کے قوی بیم اور فرش) ایسے مواد سے بنے ہوتے ہیں جو نہیں جلتے یا آگ کے خلاف مزاحمت رکھتے ہیں اور اس لیے آگ کے پھیلاؤ میں اضافے کا مؤجب نہیں۔ ایسی عمارتوں میں،زیادہ تر امکانات یہ ہوتے ہیں کہ آگ اس اپارٹمنٹ یا اس کے کسی حصے میں ہی محدود رہتی ہے جہاں سے وہ شروع ہوئی و، اور عمارت کی دیواروں سے باہر دوسرے اپارٹمنٹس اور منزلوں تک پھیلنے کے امکانات کم ہوتے ہیں۔

- اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ناقابلِ احتراق (غیر آتش گیر) عمارت آگ لگنے سے مثتثنی ہے۔ اگرچہ عمارت کے ساختی اجزاء میں آگ نہیں لگتی، لیکن عمارت کا دیگر تمام مواد (جیسے فرنیچر، قالین، لکڑی کے فرش، سجاوٹ اور ذاتی اشیاء) آگ پکڑ سکتے ہیں اور شعلے، حرارت، اور بڑی مقدار میں دھواں اور کاربن مونو آکسائیڈ پیدا کر سکتے ہیں، جو عمارت کے اندر پھیل سکتے ہیں، خاص طور پر اگر اپارٹمنٹ یا سیڑھیوں کے دروازے کھلے چھوڑ دیے جائیں۔

2. قابل احتراق (آتش گیر) عمارتیں۔ "قابل احتراق" یا "آگ سے غیر محفوظ" عمارت ایسی عمارت ہے جس کی ساخت لکڑی یا دیگر ایسے مواد سے بنی ہوتی ہے جو آگ کا سامنہ ہوتے ہی جل سکتی ہے۔ ایسی آگ جو اپارٹمنٹ اندر موجود مواد کے جلنے سے عمارت کی دیواروں میں بھڑک جائے، وہ دیواروں کے اندر پھیل سکتی ہے اور پورے عمارت کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔

اپنی عمارت کی معلوماتی شیٹ چیک کریں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ یہ قابل احتراق ہے یا ناقابل احتراق بلڈنگ ہے۔

B. آتشزدگی سے تحفظ کا نظام (فائر پروٹیکشن سسٹم)

چاہے عمارت کی تعمیر کی نوعیت کچھ بھی ہو، آپ کی عمارت میں آتشزدگی سے بچاؤ کے نظام لگائے جا سکتے ہیں جو آگ کو دریافت کرنے اور/یا اس کے بچاؤ میں مدد کرنے کے ساتھ عمارت کے رہائشیوں کو فوری اطلاع بھی فراہم کرتے ہیں۔

1. آگ سے علیحدگی۔ زیادہ تر اپارٹمنٹس میں شیٹ روک کی دیواریں اور چھتیں اور آگ سے محفوظ دھاتی دروازے ہوتے ہیں۔ کئی عمارتوں میں بند سیڑھیاں بھی ہوتی ہیں (جو اپنی دیواروں اور دروازوں کے اندر محفوظ ہوتی ہیں)۔ شیٹ روک اور آگ سے محفوظ دروازے آگ سے بچاؤ کے "غیرفعال" نظام ہیں جو کسی حد تک کچھ وقت کے لیے آگ کو محدود رکھنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں، تاکہ فائر ڈیپارٹمنٹ کو پہنچنے، آگ بجھانے اور عمارت کے رہائشیوں کو بچانے کا موقع مل سکے۔

- اپارٹمنٹ میں آگ لگنے کی صورت میں جوں ہی آپ وہاں سے نکلیں، ہمیشہ اپنے اپارٹمنٹ کا دروازہ بند کر دیں۔ اپارٹمنٹ میں آگ لگنے پر اپارٹمنٹ کا دروازہ کھلا چھوڑدینے سے آگ اپارٹمنٹ کے باہرتک پھیل سکتی ہے۔
- سیڑھیوں کے دروازوں کو کھلا رکھنے کے لیے کبھی بھی رکاوٹ نہ لگائیں۔ سیڑھیوں کے دروازے ہر وقت بند رکھے جائیں۔

2. پُھہارے کا نظام (اسپرنکلر سسٹم)۔ اسپرنکلر سسٹم آگ پر پانی چھڑک کر آگ بجھانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ چھت پر موجود اسپرنکلر۔ ہیڈ آگ کی حرارت کو دریافت کرتا ہے اور خود بخود چھت میں موجود پائپ سے پانی خارج کرتا ہے۔ یہ گلی میں بھی الارم بھی بجاتا ہے، یا زیادہ تر نئی عمارتوں میں، آگ کا الارم کمپنی کے مرکزی مانیٹرنگ اسٹیشن کو الارم منتقل کرتا ہے۔

- پُھہارے آگ کو پھیلنے سے روکنے میں مددگار ہیں، لیکن اب بھی آگ سے بڑی مقدار میں دھواں پیدا ہو سکتا ہے۔ دھواں پھیلنا عمارت کے دیگر مکینوں کے لیے جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے۔ جیسے ہی آپ باہر نکلیں ہمیشہ اپارٹمنٹ کا دروازہ بند کردیں۔
- 2000ء کے بعد سے تعمیر شدہ اپارٹمنٹ عمارتوں کو بالعموم اسپرنکلر سسٹم سے محفوظ کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے کی عمارتوں میں، پوری عمارت میں اسپرنکلر سسٹم عام طور پر نہیں پایا جاتا۔ کچھ عمارتوں میں کھلی سیڑھیوں، کمپیکٹر کمروں یا دیگر حصوں میں جزوی طور پر اسپرنکلر سسٹم لگے ہوئے ہیں۔

3. ایمرجنسی وائس کمیونیکیشن سسٹم۔ زیادہ تر بلند و بالا اپارٹمنٹ عمارتیں، جو 2009ء کے بعد تعمیر کی گئی ہیں اور 12 منزلوں یا 125 فٹ سے زیادہ بلند ہیں، عمارت بھر میں ایمرجنسی وائس کمیونیکیشن سسٹم سے لیس ہوتی ہیں۔ یہ نظام فائر ڈیپارٹمنٹ کے عملے کو مرکزی مقام، عام طور پر عمارت کی لابی، سے سیڑھیوں اور ہر رہائشی یونٹ میں اعلانات کرنے کی سہولت بہم پہچاتا ہے۔

4. فائر الارم سسٹم۔ تمام اپارٹمنٹ عمارتوں میں انفرادی اپارٹمنٹس میں دھواں کے الارمز اور کاربن مونو آکسائیڈ کے الارمز ہوتے ہیں (اوپر سیکشن ((4a میں ہوم سیفٹی ڈیوائسز دیکھیں)۔ یہ الارمز عمارت کے فائر الارم سسٹم سے جڑے نہیں ہوتے اور خود بخود فائر الارم کمپنی کے مرکزی اسٹیشن کو اطلاع نہیں دیتے؛ یہ صرف اپارٹمنٹ میں ہی آواز کرتے ہیں۔

کچھ عمارتوں میں فائر الارم سسٹم ہوتے ہیں، لیکن وہ ان علاقوں میں محدود ہو سکتے ہیں جن کا وہ احاطہ کرتے ہیں اور پوری عمارت میں الارم کو چالو نہیں کر سکتے۔

- زیادہ تر اپارٹمنٹ عمارتیں جو 2009 کے بعد تعمیر کی گئی ہیں، ان میں عمارت کا فائر الارم سسٹم موجود ہوتا ہے، لیکن یہ صرف اور صرف مکینیکل اور الیکٹریکل کمروں میں دھویں کی نشاندہی تک محدود ہوتا ہے۔ ان کمروں میں کوئی بھی الارم خود بخود فائر الارم کمپنی کے مرکزی مانیٹرنگ اسٹیشن کو منتقل ہو جاتا ہے، جو آگے فائر ڈیپارٹمنٹ کو مطلع کرتا ہے۔
- کچھ پرانی عمارتوں میں اندرونی فائر الارم سسٹم ہوتا ہے جس میں لاؤڈ اسپیکرز شامل ہوتے ہیں، جو عمارت کے رہائشیوں کو عمارت میں آگ لگنے کی صورت میں خبردار کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں، اور اُنکے ساتھ مینول پُل اسٹیشنز ہوتے ہیں جو فائر الارم سسٹم کو فعال کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ مینول پل اسٹیشن عام طور پر مرکزی دروازے کے قریب اور ہر سیڑھی کے دروازے کے قریب واقع ہوتے ہیں۔ مینول پُل اسٹیشن عام طور پر فائر الارم کمپنی کے سینٹرل مانیٹرنگ اسٹیشن کو خود کار طور پرسگنل منتقل نہیں کرتے۔

اگر آپ ان میں سے کسی بھی ڈیوائس پر الارم بجتے ہوئے دیکھتے یا سنتے ہیں تو 911 پر کال کریں۔ اپنے طور پر یہ فرض نہ کریں کہ فائر ڈیپارٹمنٹ کو اطلاع پہنچ گئی ہو گی۔

5. عوامی نشریاتی نظام (پبلک ایڈریس سسٹمز)۔ اگرچہ عام طور پر لازمی نہیں، کچھ رہائشی عمارتوں میں پبلک ایڈریس سسٹمز موجود ہوتے ہیں جو ایک مرکزی مقام سے، عام طور پر عمارت کی لابی تک، وائس کمیونیکیشن کو ممکن بناتے ہیں۔ پبلک ایڈریس سسٹم عمارت کے انٹرکام سے مختلف ہوتے ہیں، اور عام طور پر عمارت کی راہداریوں اور/یا سیڑھیوں میں نصب لاؤڈ اسپیکر پر مشتمل ہوتے ہیں۔

اپنی عمارت کے لیے بلڈنگ انفارمیشن شیٹ کو چیک کریں کہ آیا آپ کی عمارت میں اسپرنکلر سسٹم ، فائر الارم سسٹم ، ایمرجنسی وائس کمیونیکیشن سسٹم یا پبلک ایڈریس سسٹم موجود ہے یا نہیں۔

C. محفوظ طریقے سے باہر نکلنا (اخراج کے راستے)



تقریباً تمام رہائشی اپارٹمنٹ عمارتوں میں اخراج کے کم از کم دو راستے (عمارت سے باہر نکلنے کے طریقے) موجود ہوتے ہیں۔ اخراج کے کئی مختلف اقسام ہوتی ہیں:

1. اندرونی زینے۔ تمام عمارتوں میں ایسی سیڑھیاں ہوتی ہیں جو سڑک کی سطح تک لے جاتی ہیں۔ یہ سیڑھیاں بند یا کھلی ہوئی ہو سکتی ہیں۔
   - اگر دروازے بند رکھے جائیں تو بند سیڑھیاں عمارت سے محفوظ اخراج کا بہتر امکان فراہم کرتی ہیں۔
   - کھلی سیڑھیاں شعلوں، حرارت اور دھوئیں کے پھیلاؤ کو نہیں روکتیں۔ آگ کے شعلے، حرارت اور دھواں سیڑھیوں پر اوپر کی طرف اٹھیں گے اور آگ کے باعث اوپر کی منزلوں سے سیڑھیوں کے ذریعے محفوظ اخراج کو روکیں گے۔

2. بیرونی سیڑھیاں۔ کچھ عمارتوں میں اپارٹمنٹس تک رسائی باہر کی سیڑیوں اور راہداریوں کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ چونکہ یہ باہر کھلے میں ہوتی ہیں لہذا حرارت اور دھوئیں قید نہیں ہوتا، اس لیے آتشزدگی کی صورت میں ان سے حفاظت میں خاطر خواہ اضافہ ہوجاتا ہے، بشرطیکہ وہ رکاوٹ سے پاک ہوں۔

3. فائر ٹاور سیڑھیاں۔ یہ عموماً بند سیڑھیاں ہوتی ہیں جو ایک "ٹاور" میں بنی ہوتی ہیں اور ہوا میں عمارت سے شافٹس کے ذریعے الگ کی جاتی ہیں جو باہر کی طرف کھلے ہوتے ہیں۔ کھلی ہوا میں شافٹس حرارت اور دھوئیں کو نکل جانے دیتے ہیں، جس سے سیڑھیوں کی راہداری محفوظ رہتی ہے۔

4. آگ سے بچاؤ کے راستہ۔ ہو سکتا ہے پرانی عمارتوں میں عمارت کے باہر آگ سے بچاؤ کا راستہ ہو، جس تک کھڑکی یا بالکونی کے ذریعے رسائی حاصل کی جاتی ہے۔ آگ سے بچاؤ کا راستہ صرف اس صورت میں استعمال کیا جانا چاہیے جب عمارت سے اخراج کا بنیادی راستہ (سیڑھیاں) آگ کے شعلوں، حرارت یا دھوئیں کے باعث غیر محفوظ ہو جائے۔

5. باہر نکلنے کے راستے۔ تقریبا تمام عمارتوں میں باہر نکلنے کے ایک سے زیادہ راستے ہوتے ہیں۔ عمارت کے مرکزی دروازے کے علاوہ، سائیڈ ایگزٹ، عقبی دروازے، بیسمنٹ کے دروازے اور سیڑھیوں سے سڑک کی طرف جانے والے باہر نکلنے کے راستے بھی ہو سکتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ کون سے راستے گلی یا دوسری محفوظ جگہ کی طرف جاتے ہیں ، اور اپنے اپارٹمنٹ سے ان تک کیسے پہنچیں۔
   - ان میں سے کچھ راستوں میں الارم ہو سکتے ہیں اور انہیں صرف ایمرجنسی کی صورت میں استعمال کرنا چاہیے۔
   - چھت تک پہنچنے والے دروازے اخراج کے راستے نہیں ہوتے اور یہ ملحقہ عمارتوں تک رسائی کی اجازت دیتے ہیں یا نہیں، یہ متعین نہیں ہوتا۔ چھتیں خطرناک جگہیں ہوتی ہیں، خاص طور پر رات کے وقت یا آگ کی صورت میں۔ عام طور پر ان چھتوں پر محدود یا کوئی روشنی نہیں ہوتی اور ان میں اکثر ٹھوکر لگنے والی رکاوٹیں اور غیرمحفوظ ڈراپ آف ہوتے ہیں۔ چھت تک رسائی کو باہر نکلنے کے طور پر استعمال نہ کریں سوائے اُس آخری حربے کے اور صرف اُس صورت میں جب ملحقہ عمارت تک محفوظ رسائی میسر ہو۔

اپنی عمارت کی معلوماتی شیٹ چیک کریں تاکہ آپ یہ جان سکیں کہ آپ کی عمارت سے اخراج کے مختلف راستے کون سے ہیں اور وہ عمارت سے نکل کر کہاں لیجاتے ہیں۔

D. اپارٹمنٹ کی شناخت اور آتشزدگی میں ہنگامی صورتحال کےنشانات

تمام اپارٹمنٹس میں یہ ضروری ہے کہ اپارٹمنٹ کے نمبر کو عمارت کی راہداری میں، اپارٹمنٹ کے مرکزی داخلی دروازے پر آنکھوں کی اونچائی کے برابر واضح طور پر لکھا جائے۔ یہ فائر ڈیپارٹمنٹ اور دیگر ایمرجنسی خدمات کو آپ کے اپارٹمنٹ کو فوری طور پر تلاش کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔

اس کے علاوہ، اب کئی اپارٹمنٹ عمارتوں میں یہ ضروری ہے کہ اپارٹمنٹ نمبر دروازے کی چوکھٹ پر، فرش کی سطح پر، چسپاں یا نشان زد کیا جائے۔ یہ منعکسی یا روشنی خارج کرنے والے "آتشزدگی میں ہنگامی صورتحال کے نشانات" فائر ڈیپارٹمنٹ کو آگ یا دھوئیں کی صورت میں آپ کے اپارٹمنٹ کا پتہ لگانے میں مدد فراہم کریں گے، جب آنکھ کی سطح کے برابر اونچائی پر لکھے ہوئے دروازوں کے نمبر نظر نہ آ رہے ہوں۔ تمام ڈوپلیکس اور دیگر کئی منزلوں والے اپارٹمنٹس، اور تمام اپارٹمنٹ عمارتیں جن میں اسپرنکلر نظام موجود نہیں اور ہر منزل پر 8 سے زیادہ اپارٹمنٹس ہیں، اُنکے لیے ضروری ہے کہ اپارٹمنٹ اور سیڑھیوں کے دروازوں کے چوکھٹوں پر آگ سے متعلق ہنگامی صورتحال پر رہنمائی کیلئے نشانات نصب کیے جائیں۔ مزید معلومات کے لئے ، سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔

یقینی بنائیں کہ آپ کا اپارٹمنٹ نمبر آپ کے اپارٹمنٹ کے دروازے پر درج ہے۔ چیک کریں کہ آیا آپ کے اپارٹمنٹ کی عمارت میں آتشزدگی میں ہنگامی صورتحال کے نشانات لگے ہوئے ہیں یا نہیں۔

6. آتشزدگی/ بغیر آتشزدگی کی ہنگامی حالت میں کیا کریں

A. آتشزدگی
B. طبی ہنگامی صورتحال
C. یوٹیلیٹی ایمرجنسی
D. موسمی ہنگامی صورتحال
E. خطرناک مواد کے باعث ہنگامی صورتحال
F. عمارت میں دھماکہ ہونا/گرنا
G. دہشت گردی

A. آتشزدگی

آگ لگنے کی صورت میں ، فائر ڈیپارٹمنٹ کے اہلکاروں کی ہدایات پر عمل کریں۔ تاہم، کچھ ہنگامی صورتحال ایسی بھی ہو سکتی ہیں جہاں آپ کو فائر ڈیپارٹمنٹ کے عملے کے پہنچنے یا رہنمائی فراہم کرنے سے پہلے، خود اور اپنے گھر کے دیگر افراد کی حفاظت کے لیے کسی کارروائی کا فیصلہ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

1. آتشزدگی سے ہنگامی صورتحال میں حفاظتی اقدامات

نیچے دی گئی ہدایات آپ کی مدد کے لیے ہیں تاکہ آپ سب سے محفوظ کارروائی کا انتخاب کر سکیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ کوئی بھی ہدایت تمام ممکنہ عوامل اور بدلتے ہوئے حالات کا احاطہ نہیں کر سکتی؛ آپ کو موجودہ حالات کے تحت خود یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ سب سے محفوظ عمل کیا ہے۔

- پرسکون رہیں۔ ہرگز مت گھبرائیں۔ فائر ڈیپارٹمنٹ کو جلد از جلد مطلع کریں۔ فائر الارم ملنے کے چند منٹ میں ہی فائر فائٹرز آتشزدگی کے مقام پر پہنچ جائیں گے۔
- چونکہ شعلے، حرارت اور دھواں اوپر کی طرف جاتے ہیں، اس لیے عام طور پر آپ کے اپارٹمنٹ کے نیچے کی منزل پر آگ لگنے سے آپ کی حفاظت کو زیادہ خطرہ لاحق ہوتا ہے بنسبت آپ کے اپارٹمنٹ کے اوپر کی منزل پر آگ لگنے کے۔
- اپنی آگ بجھانے کی صلاحیت کو زیادہ نہ سمجھیں۔ زیادہ تر آتشزدگیوں کو بآسانی یا محفوظ طریقے سے نہیں بجھایا جا سکتا۔ جب آگ تیزی سے پھیلنا شروع کرے تو اسے بجھانے کی کوشش نہ کریں۔ اگر آپ آگ بجھانے کی کوشش کریں تو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس کمرے سے پیچھے ہٹنے کا ایک واضح راستہ موجود ہو۔
- اگر آپ آتشزدگی کے دوران عمارت سے باہر نکلنے کا فیصلہ کریں، تو آگ کو محدود رکھنے کے لیے باہر نکلتے وقت تمام دروازے بند کر دیں۔ کبھی بھی لفٹ استعمال نہ کریں۔ یہ لفٹ منزلوں کے درمیان رک سکتی ہے یا آپ کو آتشزدگی کے مقام تک لے جا سکتی ہے اور اس میں دھواں بھر سکتا ہے یا حرارت بڑھ سکتی ہے۔

- جلتے ہوئے مواد سے خارج ہونے والی حرارت، دھواں اور گیسیں تیزی سے آپکے دم گھٹنے کا باعث بن سکتی ہیں۔ اگر آپ بھاری دھوئیں کی صورت حال میں پھنس جائیں، تو فرش پر لیٹ کر رینگیں اور اپنا سر فرش کے قریب رکھیں۔ اپنی ناک کے راستے چھوٹی سانس لیں۔
- اگر آپ کے کپڑوں میں آگ لگ جائے، تو بھاگیں نہیں۔ جہاں ہیں رک جائیں، زمین پر گر جائیں، اپنے چہرے کو ہاتھوں سے ڈھانپ لیں تاکہ چہرہ اور پھیپھڑے محفوظ رہیں، اور شعلوں کو بجھانے کیلئے لوٹنیاں (کروٹیں) لیں۔

اگر آتشزدگی آپ کے اپارٹمنٹ میں ہے:

- اس کمرے کا دروازہ بند کریں جہاں آگ ہے، اور اپارٹمنٹ سے نکل جائیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے ساتھ ہر کوئی آپ کے اپارٹمنٹ سے باہر نکل جائے۔
- اپنی چابیاں ہمراہ لے لیں۔
- اپارٹمنٹ کا دروازہ بند کردیں ، لیکن لاک نہ کریں۔
- عمارت سے باہر نکلنے کے لیے قریب ترین سیڑھی کا استعمال کریں جہاں دھواں نہ ہو۔
- لفٹ استعمال نہ کریں۔
- جیسے ہی آپ کسی محفوظ مقام پر پہنچیں 911 پر کال کریں۔ یہ فرض نہ کریں کہ آگ کی اطلاع دی جا چکی ہے جب تک کہ فائر فائٹرز موقع پر پہنچ نہ جائیں۔
- اپنے گھر کے ممبروں سے عمارت کے باہر پہلے سے طے شدہ جگہ پر ملیں۔ اگر کوئی شخص لاپتہ ہو تو کام کرنے والے فائر فائٹرز کو مطلع کریں۔

اگر آگ آپ کے اپارٹمنٹ میں نہیں ہے (تو ناقابلِ احتراق یا فائر پروف عمارتوں میں):

- اپنے اپارٹمنٹ کے اندر ہی رہیں (اپنی ہی جگہ پر پناہ لیں) اور فائر فائٹرز کی ہدایات کا انتظار کریں، جب تک کہ حالات خطرناک نہ ہو جائیں۔
- اگر آپ کو اپنے اپارٹمنٹ سے نکلنا ضروری ہو، تو پہلے اپارٹمنٹ کے دروازے اور دروازے کے ہینڈل کو ہاتھ لگا کر گرمی کی حدت کو محسوس کریں۔ اگر وہ گرم نہیں ہیں تو ، دروازہ تھوڑا سا کھولیں اور دھویں، گرمی یا آگ کے لئے راہداری کی جانچ کریں۔
- اگر آپ اپنے اپارٹمنٹ سے محفوظ طریقے سے باہر نکل سکتے ہیں تو اپنے اپارٹمنٹ میں آگ لگنے پر اوپر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔
- اگر آپ اپنے اپارٹمنٹ یا عمارت سے محفوظ طریقے سے باہر نہیں نکل سکتے تو 911 پر کال کریں اور انہیں اپنا پتہ ، فلور، اپارٹمنٹ نمبر اور اپنے اپارٹمنٹ میں افراد کی تعداد سے آگاہ کریں۔
- اپنے اپارٹمنٹ کے دروازوں کو گیلے تولیوں یا چادروں سے سیل کریں، اور ان ہوا کے راستوں یا دیگر جگہوں کو بند کریں جہاں سے دھواں اندر آ سکتا ہو۔
- کھڑکیوں کو چند انچ اوپر اور نیچے سے کھولیں، بشرطیکہ نیچے سے شعلے اور دھواں اندر نہ آ رہا ہو۔ کوئی کھڑکی نہ توڑیں۔
- اگر اپارٹمنٹ کے حالات جان لیوا محسوس ہوں، تو ایک کھڑکی کھولیں اور فائر فائٹرز کی توجہ حاصل کرنے کے لیے تولیہ یا چادر لہرائیں۔
- اگر مدد پہنچنے سے پہلے دھوئیں کی صورت حال خراب ہو جائے، تو فرش پر لیٹ جائیں اور اپنی ناک کے راستے چھوٹے چھوٹے سانس لیں۔ اگر ممکن ہو، تو دھوئیں، حرارت یا آگ کے منبع سے دور ایک بالکونی یا ٹیرس کی طرف چلے جائیں۔

اگر آگ آپ کے اپارٹمنٹ میں نہیں ہے (تو قابلِ احتراق یا نان فائر پروف عمارتوں میں):

- اپنے اپارٹمنٹ کے دروازے اور ہینڈل کو ہاتھ لگا کر گرمی کی حدت کو محسوس کریں۔ اگر وہ گرم نہیں ہیں تو ، دروازہ تھوڑا سا کھولیں اور دھویں، گرمی یا آگ کے لئے راہداری کی جانچ کریں۔
- اگر آپ اپنے اپارٹمنٹ میں آگ لگنے پر اوپر دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے محفوظ طریقے سے ایسا کر سکتے ہوں تو اپنے اپارٹمنٹ اور عمارت سے باہر نکلیں۔
- اپنی منزل کے لوگوں کو الرٹ کرنے کے لیے باہر نکلتے وقت ان کے دروازوں پر دستک دیں۔
- اگر راہداری یا سیڑھیاں دھوئیں، حرارت یا آگ کی وجہ سے محفوظ نہ ہوں اور آپ کے پاس فائر ایگزٹ تک رسائی ہو، تو اس کا استعمال کرتے ہوئے عمارت سے باہر نکلیں۔ آتشزدگی سے بچ نکلنے کے دوران احتیاط سے آگے بڑھیں اور ہمیشہ چھوٹے بچوں کو اٹھا کر نکلیں یا اُنکا ہاتھ تھام کر رکھیں۔
- اگر آپ سیڑھیاں یا آگ سے بچ نکلنے کا راستہ استعمال نہیں کرسکتے ہیں تو، 911 پر کال کریں اور انہیں اپنا پتہ، فلور، اپارٹمنٹ نمبر اور اپنے اپارٹمنٹ میں موجود افراد کی تعداد سے آگاہ کریں۔

- اپنے اپارٹمنٹ کے دروازوں کو گیلے تولیوں یا چادروں سے سیل کریں، اور ان ہوا کے راستوں یا دیگر کھلی جگہوں کو پلاسٹک یا ڈکٹ ٹیپ سے بند کردیں جہاں سے دھواں اندر آ سکتا ہو۔
- کھڑکیوں کو چند انچ اوپر اور نیچے سے کھولیں، بشرطیکہ نیچے سے شعلے اور دھواں اندر نہ آ رہا ہو۔ کوئی کھڑکی نہ توڑیں۔
- اگر اپارٹمنٹ کے حالات جان لیوا محسوس ہوں، تو ایک کھڑکی کھولیں اور فائر فائٹرز کی توجہ حاصل کرنے کے لیے تولیہ یا چادر لہرائیں یا سیٹی بجائیں۔
- اگر مدد پہنچنے سے پہلے دھوئیں کی صورت حال خراب ہو جائے، تو فرش پر لیٹ جائیں اور اپنی ناک کے راستے چھوٹے چھوٹے سانس لیں۔ اگر ممکن ہو، تو دھوئیں، حرارت یا آگ کے منبع سے دور ایک بالکونی یا ٹیرس کی طرف چلے جائیں۔

2. <u>انخلا میں مدد</u>

اگر آپ کو عمارت سے باہر نکلنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو، تو پہلے سے ایک منصوبہ بنائیں اور مدد فراہم کرنے والوں کا ایک نیٹ ورک ترتیب دیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ باہر نکل سکیں گے۔ مزید معلومات کے لئے، سیکشن 2، وہ افراد جنھیں مدد کی ضرورت ہے، ملاحظہ فرمائیں۔

اپنی منصوبہ بندی میں، درج ذیل عوامل کو مدنظر رکھیں:

- دورانِ انخلاء سب سے عمومی مسئلہ چلنے میں ناکامی یا دشواری کا سامنا کرنا ہے۔ زیادہ تر ہنگامی حالات میں لفٹوں کا استعمال عمارت خالی کرنے کے لیے کیا جا سکتا ہے، لیکن آگ یا بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران ایسا مت کریں۔
- عمارت کے اندر آتشزدگی والی منزل سے نیچے کے فلور میں یا نان۔ فائرہنگامی حالت میں اپنی جگہ سے کہیں اور منتقل ہونا آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے بہتر ثابت ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ وہیل چیئر، اسکوٹر یا کوئی دیگر موٹرائزڈ ڈیوائس استعمال کرتے ہیں، تو ایک ہلکی پھلکی ٹریول وہیل چیئر یا ایویکوئیشن چیئراپنے اپارٹمنٹ میں رکھنے پر غور کریں تاکہ لفٹ کے قابلِ استعمال نہ ہونے کی صورت میں دوسروں کے لیے آپ کی مدد کرنا آسان ہو جائے۔ ان لوگوں کو کہ جو ممکنہ طور پر آپ کی مدد کریں گے، دکھائیں کہ یہ کیسے کام کرتی ہے۔
- سیڑھیوں سے کسی شخص کو نیچے لے جانا انتہائی مشکل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ اور آپ کی مدد کرنے والے سمجھتے ہیں کہ ایسا ممکن ہے، تو اُن مختلف طریقوں کے بارے میں واقفیت حاصل کریں جن سے افراد کو اٹھایا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے ، سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔

اگر انخلا ممکن نہ ہو، تو آخری حل کے طور پر آگ یا دیگر ہنگامی حالت سے محفوظ ترین جگہ پر پناہ لیں۔ یہ جگہ آپ کا اپارٹمنٹ، کسی پڑوسی کا اپارٹمنٹ، یا خود سیڑھیوں کا علاقہ ہو سکتی ہے۔ کچھ نئی عمارتوں میں سیڑھیوں کے قریب ایک کمرہ بنایا جاتا ہے جو پناہ گاہ کے طور پر کام کرتا ہے اور اُس میں ایک ٹیلیفون نصب ہوتا ہے۔ اپنی صورتحال کی اطلاع دینے کے لئے 911 پر کال کریں (یا دوسروں کو 911 پر کال کرنے کو کہیں)۔

B. <u>طبی ہنگامی صورتحال</u>

طبی ایمرجنسی کے لیے پہلے سے منصوبہ بندی کررکھیں۔ آپ، آپ کے خاندان کا کوئی فرد یا پڑوسی ایسی طبی حالت کا شکار ہو جائیں کہ جس کے لیے بذریعہ ہنگامی ایمبولینس اسپتال منتقلی کرنا درکار ہو، تو آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

طبی ایمرجنسی کی علامات سے واقفیت حاصل کریں اور وہ معلومات یاد رکھیں جو 911 آپریٹر آپ سے طلب کرے گا۔ ایسے افراد کے فون نمبرز اپنی پہنچ میں رکھیں جن سے رابطہ کر کے ایمرجنسی عملے کو براہِ راست مریض تک رہنمائی کے لیے بلایا جا سکے۔

1. <u>انتباہی علامات</u>۔ درج ذیل علامات طبی ایمرجنسی کی نشان دہی کرتی ہیں:

- جلنے یا دھوئیں کے اثرات کا سامنا
- خون کا ایسا بہنا جو رکنے کا نام نہ لے
- سانس لینے میں دشواری، جیسے مشکل سے سانس لینا یا سانس کا پھولنا
- ذہنی حالت میں تبدیلی، جیسے غیر معمولی رویہ، الجھن، یا جاگنے میں مشکل
- سینے میں درد
- دم گھٹنا

- کھانسی یا خون کی الٹی
- بیہوش ہونا یا مد ہوشی
- خودکشی کرنے یا قتل کرنے کا احساس
- سر یا ریڑھ کی ہڈی پر چوٹ
- شدید یا مسلسل قے آنا
- جسم میں کہیں بھی اچانک شدید درد ہونا
- اچانک چکر آنا، کمزوری محسوس کرنا، یا بینائی میں تبدیلی واقع ہونا
- کسی زہریلے مادے کو نگل لینا
- پیٹ کے بالائی حصے میں درد

2. 911 پر کال کریں۔ اگر آپ یا آپ کے گھر کے کسی فرد کو مذکورہ علامات میں سے کوئی بھی محسوس ہو، تو فوری طور پر 911 پر کال کریں۔ 911 آپریٹر کو درج ذیل معلومات فراہم کرنے کے لیے تیار رہیں:

- عمارت کا پتہ، قریبی چوک اور اپارٹمنٹ نمبر۔
- وہ داخلہ جو عمارت میں آپ تک پہنچنے کے لیے سب سے موزوں ہو۔
- بیمار افراد کی تعداد اور عمارت کے اندر یا باہر آپ کی صحیح لوکیشن۔
- آپ کی بنیادی شکایت اور/یا موجودہ حالت (مثلاً خون بہنا، سانس لینا/نہ لینا، ہوش میں ہونا/بے ہوش ہونا وغیرہ)۔
- کوئی بھی معذوری جس سے ایمرجنسی عملے کو آگاہ ہونا چاہیے، جیسے سماعت سے محرومی، نابینا پن یا کمزور نظر، یا ذہنی معذوری جو عملے کی آپ سے بات چیت کی صلاحیت پر اثر انداز ہو سکتی ہو۔
- فیملی/گھر کا ایک رکن آپ کے ساتھ رہے۔

3. عمارت کے عملے کو مطلع کریں۔ 911 پر کال کرنے کے بعد ، عمارت کے عملے کو مطلع کریں کہ آپ نے ایمبولینس کے لیے 911 پر کال کی ہے۔ ایمرجنسی عملے سے ملاقات کرنے، انہیں عمارت میں داخل ہونے دینے اور آپ کے اپارٹمنٹ کو تلاش کر کے اس تک پہنچنے میں مدد کرنے کے لیے کسی کو کہیں۔ اگر آپ کے پاس عمارت کا عملہ موجود نہیں یا آپ ان سے رابطہ نہیں کر سکتے، تو خاندان کے کسی فرد یا پڑوسی سے کہیں کہ ایمرجنسی عملے کی رہنمائی اور مدد کریں۔

C. یوٹیلیٹی ایمرجنسی

یوٹیلٹی کے خلل میں بجلی کی بندش، کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اخراج، گیس لیکج اور پانی کا لیکیج شامل ہیں۔ یہ خلل ایک اپارٹمنٹ، عمارت یا بلاک کو متاثر کر سکتا ہے یا پورے شہر پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

1. بجلی کی بندش

پیشگی تیاری:

- اپنے اپارٹمنٹ میں ٹارچ لائٹس اور اسپیئر بیٹریاں مہیا رکھیں۔
- موم بتیوں کے استعمال سے پرہیز کریں، جن سے آگ لگ سکتی ہے۔ موم بتیوں کے محفوظ استعمال کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔
- اگر آپ طبی آلات پر انحصار کرتے ہیں جس کے لیے بجلی کی ضرورت ہوتی ہے تو بیک اپ پاور سورس حاصل کرنے پر غور کریں۔ اپنی یوٹیلیٹی کمپنی سے معلوم کریں کہ آیا آپ کا طبی سامان آپ کو زندگی بچانے والے آلات (LSE) کے صارف کے طور پر رجسٹر ہونے کیلئے اہل بناتا ہے یا نہیں، تاکہ بجلی کی ایمرجنسی کی صورت میں آپ سے رابطہ کیا جا سکے۔ سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔
- اپنے سیل فون کو چارج حالت میں رکھیں۔ اگر آپ کے پاس اضافی بیٹریوں کا پیک ہے تو اسے بھی مکمل چارج رکھیں۔

بجلی کے تعطل کے دوران:

- بجلی کی بندش کی اطلاع دینے کے لیے اپنی یوٹیلیٹی کمپنی کو فوری طور پر کال کریں۔ سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔
- تمام ایسے آلات بند کر دیں جو بجلی بحال ہونے پر خود بخود چلنا شروع ہو جاتے ہیں، تاکہ پاور سرج سے آپ کے برقی نظام اور آلات کو نقصان نہ پہنچے۔
- فرج اور فریزر کے دروازے حتی المقدور حد تک بند رکھیں تاکہ کھانے کی اشیاء خراب ہونے سے بچ سکیں۔
- جنریٹر کو گھر کے اندراستعمال نہ کریں۔ وہ خطرناک مقدار میں کاربن مونو آکسائیڈ پیدا کر سکتے ہیں۔
- پروپین یا مٹی کے تیل کے ہیٹر یا گرلز گھر کے اندر استعمال نہ کریں۔

2. <u>کاربن مونو آکسائیڈ کا اخراج</u>

کاربن مونو آکسائیڈ (CO) ایک بے رنگ اور بے بو گیس ہے جو ایندھن جلانے والے آلات اور مشینری (جیسے چولہے، آتش کدوں اور گرم پانی کے ہیٹر)، آتش دان اور گاڑیوں کے ایگزاسٹ پائپ سے پیدا ہوتی ہے۔ ان آلات سے پیدا ہونے والی کاربن مونو آکسائیڈ کو چمنی، وینٹ پائپ یا کسی اور طریقے سے باہر نکالا جانا چاہیے۔ ایک بند یا ٹوٹی ہوئی چمنی یا وینٹ پائپ کاربن مونو آکسائیڈ کو عمارت کے اندر داخل ہونے کا موقع دے سکتی ہے، بعض اوقات منبع سے کئی منزلیں دور تک بھی۔

کاربن مونو آکسائیڈ کے زہریلا اثر کی علامات فلو جیسی ہو سکتی ہیں۔ اِن میں سر درد، چکر آنا، تھکن، سینے میں درد، قے آنا شامل ہیں۔ اگر بروقت توجہ نہ دی جائے تو یہ موت کا سبب بن سکتی ہے۔

اگر آپ کو کاربن مونو آکسائیڈ زہر کے ہونے کا شبہ ہو تو:

- کھڑکیاں کھول دیں۔
- عمارت کو خالی کردیں۔
- جیسے ہی آپ کسی محفوظ مقام پر پہنچیں 911 پر کال کریں۔
- اپنی مقامی یوٹیلیٹی کمپنی کو کال کریں۔

3. <u>گیس لیکج</u>

کئی اپارٹمنٹس میں کھانا پکانے اور کپڑے خشک کرنے کے لیے یوٹیلیٹی کمپنی سے فراہم کردہ پائپڈ نیچرل گیس استعمال ہوتی ہے۔ نیچرل گیس آتش گیر اور دھماکہ خیز ہوتی ہے۔ اگر یہ لیک ہو کر کسی اپارٹمنٹ یا کمرے میں جمع ہو جائے تو ایک چنگاری اسے بھڑکا سکتی ہے، جس سے دھماکہ اور آگ لگ سکتی ہے۔

یوٹیلٹی کمپنی کی جانب سے پائپڈ نیچرل گیس میں"گلے ہوئے انڈوں" جیسی ایک مخصوص بو شامل کی جاتی ہے۔ اگر آپ نیچرل گیس کی اس بو کو محسوس کریں تو:

- اپارٹمنٹ میں کوئی بھی لائٹ سوئچ یا برقی آلات، بشمول موبائل فون، استعمال نہ کریں۔ کوئی بھی چنگاری آگ کا سبب بن سکتی ہے۔
- سگریٹ نوشی نہ کریں اور فوراً کسی بھی جلتی ہوئی چیز کو بجھا دیں۔
- اپنے خاندان/گھر کے تمام افراد کے ساتھ فوراً عمارت خالی کر دیں۔
- باہر آ جانے کے بعد اس ہنگامی صورتحال کی اطلاع دینے کے لئے 911 پر کال کریں۔
- عمارتوں میں دھماکوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، سیکشن ((6F ملاحظہ فرمائیں۔

4. <u>پانی کا رساو (لیکج) یا خلل</u>

پانی کا رساؤ بجلی کی وائرنگ میں آگ لگنے کا سبب بن سکتا ہے۔

- اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں (یا آپ کے اپارٹمنٹ سے دوسروں کے اپارٹمنٹ میں) پانی رِس رہا ہو تو، فوراً مرمت کا بندوبست کریں یا عمارت کے مالک یا منتظم کو اطلاع دیں (جیسا کہ قابل اطلاق ہو)۔
- اگر پانی چھت یا دیواروں میں بجلی کی وائرنگ تک پہنچ رہا ہے تو فوراً 911 پر کال کریں۔
- اگر آپ کے پاس پانی دستیاب نہیں ہے یا پانی کا دباؤ بہت کم ہے تو اس مسئلے کی اطلاع 311 پر دیں (صفحہ 3 پر دی گئی ہدایات دیکھیں)۔

- اگر آپ کو پینے کے پانی کے معیار کے بارے میں تشویش ہو تو اس مسئلے کی اطلاع 311 پر دیں۔ کسی وسیع پیمانے پر پینے کے پانی کی ہنگامی صورتحال کے حوالے سے باضابطہ رہنمائی کے لیے Notify NYC یا مقامی ریڈیو اور ٹی وی اسٹیشنز کا جائزہ لیتے رہیں۔
- اگر آپ زمین یا سڑک سے پانی نکلتے ہوئے دیکھیں یا کسی مین پائپ کے ٹوٹنے کا شبہ ہو تو 311 پر کال کریں۔

D. موسمی ہنگامی صورتحال

1. شدید گرمی

گرمی کی شدید لہر کے دوران، اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں ایئر کنڈیشنر نہ ہو تو یہ غیر محفوظ ہو سکتا ہے۔ شیرخوار بچے، بزرگ افراد اور بیمار لوگ شدید گرمی کے اثرات کے لیے خاص طور پر حساس ہوتے ہیں۔

شدید گرمی کی وارننگز کے لیے Notify NYC اور مقامی ریڈیو اور ٹی وی اسٹیشنز پر نظر رکھیں۔

شدید گرمی کی ہنگامی صورتحال میں:

- عمارت کے مالک کی منظوری سے، ایک یا ایک سے زیادہ ایئر کنڈیشنرز خریدیں اور انسٹال کریں۔ صرف اسی صورت میں ایئر کنڈیشنر لگائیں جب اپارٹمنٹ کی بجلی کی وائرنگ مناسب پاور فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔ یہ یقینی بنائیں کہ آپ جو ایئر کنڈیشنر خرید رہے ہیں اُسکے لئے آپ کے اپارٹمنٹ کی بجلی کی وائرنگ کی گنجائش سے زیادہ پاور درکار نہ ہو۔ ایئر کنڈیشنر کسی تربیت یافتہ اور ماہر شخص کے ہاتھوں ہی نصب کیا جائے تاکہ یہ عمارت سے مضبوطی سے جُڑا رہے اور نیچے موجود دیگر لوگوں کے لیے خطرہ نہ بنے۔
- خاص طور پر دن کے اوقات میں زیادہ سے زیادہ وقت ایئر کنڈیشنڈ جگہ پر ہی گزاریں۔ یہ جگہ کسی دوست یا ہمسائے کا اپارٹمنٹ، کوئی ریستوران یا دکان، یا کولنگ سینٹر ہو سکتی ہے۔
- گرمی کی لہر کی ہنگامی صورتحال کے دوران، نیویارک سٹی عوامی سہولیات میں ایئر کنڈیشنڈ کولنگ سینٹرز کو چلاتا ہے۔ پبلک سوئمنگ پولز بھی دستیاب ہو سکتے ہیں۔ گرمی کی ہنگامی صورتحال کے دوران مقامی کولنگ سینٹر یا پول تلاش کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا NYC Cool آپشنز پریہاں وزٹ کریں: https://finder.nyc.gov/coolingcenters/۔
- جسمانی مشقت سے گریز کریں۔
- خوب پانی پیئیں۔ الکحل اور کیفین والے مشروبات سے پرہیز کریں۔
- بجلی کی بچت کریں: اگر آپ کے پاس ایئر کنڈیشنر ہے تو گرمی کی لہر کے دوران اپنے اپارٹمنٹ میں درجہ حرارت 78 ڈگری سے کم نہ رکھیں اور غیر ضروری آلات بند کر دیں۔

2. برفانی طوفان اور دیگر سرد موسم کے طوفان

سرد موسم کے طوفان کے دوران عوام کو عام طور پر اپنے گھروں میں رہنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ اپارٹمنٹ کی عمارتیں عام طور پر طوفان کے دوران محفوظ ماحول فراہم کرتی ہیں، اور اگر کھانے اور دیگر ضروری اشیاء کا مناسب انتظام ہو تو لوگ کئی دنوں تک اندر رہ سکتے ہیں۔

3. شدید بارش، ساحلی طوفان اور طوفانی ہوائیں

حالیہ برسوں میں، شدید برساتی طوفانوں کے باعث نیویارک شہر میں اچانک سیلاب آ گیا، جس سے گلیاں، سب ویز، اور تہہ خانوں کے اپارٹمنٹس زیر آب آ گئے۔ تہہ خانے کے اپارٹمنٹس اور دیگر نشیبی علاقے شدید بارش میں سیلاب کے خطرے سے دوچار ہوتے ہیں۔ ایسے طوفان کی پیشگوئی ہونے پر جو سیلاب کا سبب بن سکتا ہو، پہلے سے اپنے تہہ خانے کے اپارٹمنٹ سے باہر نکلنے کی منصوبہ بندی کرلیں یا کسی اونچی منزل پر پناہ لیں۔ اگر آپ

اونچے ہوتے ہوئے پانی میں اندر پھنس گئے ہیں تو مدد کے لیے 911 پر کال کریں۔ حفاظت کے لیے تیرنے کی کوشش نہ کریں۔

اگر شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہو یا پھر طوفان کے دوران سفر سے گریز کریں۔ سیلاب زدہ علاقوں میں چلنے یا گاڑی چلانے سے پرہیز کریں۔ محض چھ انچ تیز بہتا پانی کسی شخص کو گرا سکتا ہے۔ چھ انچ پانی زیادہ تر گاڑیوں کے نیچے تک پہنچ سکتا ہے، جس سے گاڑی پر قابو کھونے یا انجن بند ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ ایک یا دو فٹ پانی گاڑی کو بہا لے جا سکتا ہے۔ زیادہ تر اموات ان گاڑیوں کی وجہ سے ہوتی ہیں جو سیلابی پانی میں بہہ جاتی ہیں۔

اگر پانی میں چلنا ضروری ہو تو اس جگہ چلیں جہاں پانی نہیں بہہ رہا ہو، یا اپنے راستے کی حفاظت کو جانچنے کے لیے چھڑی کا استعمال کریں۔ سیلاب زدہ سب وے اسٹیشنز یا ایسی عمارتوں میں داخل نہ ہوں جو سیلابی پانی سے گھری ہوئی ہوں۔

مزید معلومات کے لئے ، NYCEM کی یہ ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں:
https://www.nyc.gov/site/em/ready/flooding.page.

کچھ شدید موسمی ہنگامی حالات، جیسے سمندری طوفان، میں سٹی مخصوص علاقوں میں انخلا کا حکم دے سکتی ہے۔ اگر آپ کسی بلند عمارت میں رہتے ہیں، خاص طور پر 10ویں منزل یا اس سے اوپر، تو کھڑکیوں سے دور رہیں تاکہ ان کے ٹوٹنے یا چٹخنے کی صورت میں محفوظ رہ سکیں، یا نچلی منزل پر منتقل ہو جائیں

پیشگی تیاری:

- ساحلی طوفان یا سمندری طوفان سے پہلے: معلوم کریں کہ کیا آپ نیویارک سٹی کے سمندری طوفان کے انخلا والے زونز میں سے کسی میں رہتے ہیں۔ سیکشن 7، ایمرجنسی تیاری کے وسائل، یا NYC.gov/knowyourzone وزٹ کریں۔
- اپنا گھرکو تیار کریں۔ بیرونی اشیاء کو محفوظ کریں، کھڑکیوں اور بیرونی دروازوں کو مضبوطی سے بند کریں، قیمتی اشیاء کو اوپر کی منزلوں پر منتقل کریں، اور اپنے جنریٹر میں ایندھن بھر لیں۔
- اپنا گو بیگ تیارحالت میں رکھیں۔
- یہ پہلے سے طے کریں کہ انخلا کے حکم کی صورت میں آپ کہاں جائیں گے۔ خاندان یا دوستوں کے ساتھ رہیں یا طوفان سے پہلے، دوران، یا بعد میں معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔
- انخلا کے حکم کی صورت میں، ہدایت کے مطابق فوراً انخلا کریں۔ اگر ممکن ہو تو پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کریں۔ ذہن میں رکھیں کہ عوامی نقل و حمل طوفان کے پہنچنے سے کئی گھنٹے پہلے بند ہو سکتی ہے۔

- اگر آپ انخلا زون میں ہیں اور لفٹ کا استعمال کر رہے ہیں تو یقینی بنائیں کہ سیلاب سے لفٹ کو بچانے کے لیے سروس معطل ہونے سے پہلے انخلا مکمل کر لیں۔ عمارت کے مالکان پر لازم ہے کہ اگر وہ لفٹ سروس معطل کرنے کا ارادہ رکھتےہیں تو وہ ممکنہ حد تک ہنگامی موسمی صورتحال سے پہلے عمارت کی لابی یا عمومی جگہ پر نشانات آویزاں کریں۔ عمارت کے مالک یا منتظم کو پیشگی اطلاع دینا یقینی بنائیں تاکہ آپ کو مناسب اطلاع مل سکے۔ سیکشن 2، جن لوگوں کو مدد کی ضرورت ہے، ملاحظہ فرمائیں۔

- بجلی کی بندش کے لیے تیار رہیں: اپنا موبائل فون اور دیگر پورٹیبل ڈیوائسز چارج کر لیں اور فریج کا تھرمو اسٹیٹ کم درجہ حرارت پر کر لیں تاکہ زیادہ ٹھنڈا ہو سکے۔

طوفان کے دوران:

- باخبر رہیں۔ مقامی موسمی پیشگوئیوں اور حکام کی جانب سے جاری کردہ اعلانات پر توجہ دیں۔ Notify NYC کے لیے سائن اپ کریں اور چیک کرتے رہیں https://a858-nycnotify.nyc.gov/notifynyc/۔
- گھر کے اندر رہیں۔ اگر آپ تہہ خانے کے اپارٹمنٹ میں رہتے ہیں تو شدید بارش کے دوران بالائی منزل پر جانے کے لیے تیار رہیں۔
- اگر آپ کو طبی ایمرجنسی ہو یا آپ کی عمارت یا اپارٹمنٹ کی ساخت کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے آپ کو کوئی خطرہ ہو، تو 911 پر کال کریں، لیکن یہ ذہن میں رکھیں کہ طوفان کے دوران ہنگامی امداد میں تاخیر ہو سکتی ہے یا ممکن ہے اس دوران یہ دستیاب نہ ہو۔
- اگر پانی کی بڑھتی ہوئی سطح کے سبب آپ اندر پھنس جائیں تو کسی بالائی منزل پر چلے جائیں، لیکن کسی بند چوبارے (بالا خانے) میں پناہ نہ لیں جب تک کہ آپ کے پاس چھت میں سوراخ کرنے کے لیے آری یا کوئی اور آلہ نہ ہو۔ 911 پر کال کریں اور اپنی صورتحال کی اطلاع دیں۔ مدد کا انتظار کریں۔ حفاظت کے لیے تیرنے کی کوشش نہ کریں۔ کسی ایسی عمارت میں داخل نہ ہوں جو سیلاب کے پانی سے گھری ہوئی ہو۔
- گرتی ہوئی بجلی کی تاروں سے دور رہیں۔ پانی بجلی کی ترسیل کرتا ہے۔

4. زلزلے

اگرچہ نیویارک سٹی کے علاقے میں زلزلے عام نہیں ہیں، لیکن زلزلہ آنے کے امکان بہرحال موجود ہیں اور ماضی میں ہمارے علاقے پر اثر انداز ہو چکے ہیں۔ اپارٹمنٹ کی عمارتوں میں رہنے والے افراد اور عملے کو زلزلے کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہنا چاہیے۔

اگرچہ یہ زلزلے کی شدت کے مقام پر منحصر ہے، تاہم ایک معمولی زلزلہ بھی عمارتوں کو ہلا سکتا ہے، دیواروں میں دراڑیں ڈال سکتا ہے، اور شیلفوں سے اشیاء کو ہلا کر گرا سکتا ہے۔

زلزلے کے دوران "نیچے جھک جائیں، محفوظ آڑ لیں اور اپنی جگہ پر جمے رہیں":

- کسی مضبوط فرنیچر (جیسے میز) کے نیچے پناہ لیں اور اس کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔
- اگر کسی فرنیچر کے نیچے پناہ لینا ممکن نہ ہو تو اندرونی دیوار کے ساتھ کسی کونے میں پناہ لیں۔
- زمین پر جھک جائیں۔
- اپنے بازوؤں سے اپنے سر اور گردن کو ڈھانپ لیں۔
- اگر آپ وہیل چیئر استعمال کرتے ہیں تو دروازے کے قریب یا اندرونی دیوار کے ساتھ پناہ لیں اور وہیل چیئر کے پہیوں کو لاک کر دیں۔ وہیل چیئر سے کوئی بھی ایسا سامان ہٹا دیں جو اِسکے ساتھ مضبوطی سے جُڑا ہوا نہ ہو۔ گرنے والی اشیاء سے بچنے کے لیے جو کچھ بھی دستیاب ہو، اس سے اپنے آپ کو ڈھانپ لیں۔
- اگر آپ بستر یا کرسی سے حرکت کرنے سے قاصر ہیں تو گرنے والی اشیاء سے تحفظ کے لیے کمبل یا تکیے استعمال کریں۔
- اگر آپ باہر ہوں تو کھلی جگہ پر جائیں اور درختوں، بجلی کے کھمبوں اور عمارتوں سے دور رہیں۔
- جہاں ہیں وہیں رہیں جب تک کہ زلزلے کے جھٹکے بند نہ ہوجائیں۔

زلزلے کے بعد جھٹکوں (aftershocks) کا امکان ہوتا ہے، جو اکثر زلزلے کے بعد آتے ہیں۔ ان کے لیے تیار رہیں۔

5. طوفانی بگولے (Tornados)

اگرچہ نیویارک سٹی میں طوفانی بگولے عام نہیں ہیں، لیکن حالیہ برسوں میں یہاں کئی طوفانی بگولے (اور مائیکروبرسٹ جیسی ہوا کی صورتحال) رونما ہوئے ہیں۔

طوفانی بگولے کی وارننگ کی صورت میں:

- اگر طوفانی بگولہ آپ کے علاقے کی طرف آ رہا ہو، تو فوراً اپنی عمارت کے تہہ خانے میں چلے جائیں۔ اگر آپ کی عمارت میں تہہ خانہ موجود نہیں ہے، تو عمارت کی سب سے نچلی منزل میں چلے جائیں۔
- کھڑکیوں سے دور، کسی اندرونی کمرے یا حصے کی دیوار کے ساتھ لگ کر رہیں، جب تک کہ طوفانی بگولہ گزر نہ جائے۔
- ایسی اندرونی جگہوں سے گریز کریں جن کی چھتوں میں بڑے کھلے حصے ہوں، جیسے کہ ایٹریمز اور آڈیٹوریمز۔
- اگر آپ کی عمارت میں مناسب پناہ لینے کی جگہ موجود نہیں ہے، تو کسی محفوظ مقام کے لیے عمارت خالی کریں، لیکن صرف اس صورت میں جب وہاں پہنچنے کے لیے کافی وقت میسر ہو۔

E. خطرناک مواد کے باعث ہنگامی صورتحال

1. کیمیکل

خطرناک مواد کے باعث ہنگامی صورتحال کسی حادثے کے نتیجے میں پیدا ہو سکتی ہے، جیسے کسی ٹرک کا الٹ جانا یا کسی فیکٹری میں دھماکہ، یا کسی مجرمانہ سرگرمی جیسے کہ دہشت گردی کے حملے کی وجہ سے۔

اگر کیمیکل ہوا کے ذریعے منتشر ہو رہا ہے تو، اس میں سانس لینے سے بچنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جانی چاہئے۔

ایمرجنسی کے دوران:

- اپنی جگہ پر ہی پناہ لیں عام طور پر، آپ کے اپنے اپارٹمنٹ میں حفاظتی جگہ پر پناہ لینا سب سے زیادہ محفوظ ہے۔
- تمام ایئر کنڈیشنرز اور وینٹیلیشن سسٹمز بند کر دیں۔ کھڑکیاں بند کریں اور تمام وینٹیلیشن گرلز اور دیگر جگہیں جو باہر کی ہوا کو آپ کے اپارٹمنٹ میں داخل ہونے دے سکتی ہیں، سیل کر دیں۔
- اضافی معلومات کے لیے Notify NYC اور مقامی ریڈیو اور ٹی وی اسٹیشنز پر نظر رکھیں۔

اگر آپ کیمیکل کے اخراج کے قریب ہیں یا یہ آپ کے اپارٹمنٹ میں داخل ہو چکا ہے تو:

- اپنی ناک، منہ اور جلد کے حصوں کو حتی المقدور حد تک ڈھانپ لیں۔
- اگر محفوظ ہو تو اپنے اپارٹمنٹ اور عمارت سے انخلا کریں۔ اگر انخلا ممکن نہ ہو تو کسی اندرونی کمرے میں، جیسے کہ باتھ روم میں چلے جائیں اور وہاں کی کھڑکیاں اور دروازے سیل کر دیں۔

ہنگامی صورتحال کے ختم ہونے کے بعد اگر آپ کیمیکل کے اثر میں آ چکے ہوں یا اس سے آلودہ ہو گئے ہوں تو:

- عوامی حکام یا ابتدائی مدد دہندگان عملے کی ہدایات پر عمل کریں۔
- جیسے ہی آپ کسی صاف علاقے میں پہنچیں، فوری طور پر اپنے جسم سے آلودگی کو رفع کریں۔ اگر ضرورت ہو تو طبی امداد حاصل کریں۔

اگر خطرناک مواد کے اخراج سے پانی یا خوراک کی فراہمی متاثر ہوتی ہے تو رہنمائی کے لیے Notify NYC پر نظر رکھیں۔

2. ریڈیولوجیکل ڈسپرسل ڈیوائس (RDD)

ریڈیولاجیکل ڈسپرسل ڈیوائسز (RDDs) روایتی دھماکہ خیز مواد کے ساتھ تابکار مواد کا استعمال کرتی ہیں۔ RDDs جوہری دھماکہ پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے: یہ جوہری ہتھیار نہیں ہیں۔ ان کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور روزمرہ کی زندگی میں خلل ڈالنا ہوتا ہے۔

RDDs وسیع علاقے کو خطرناک تابکار مواد سے ڈھانپ سکتے ہیں۔ RDD سے بکھرا ہوا تابکار مواد آپ کے کپڑوں، جسم، اور دیگر اشیاء پر گرد کی طرح بیٹھ سکتا ہے۔

اگر آپ باہر ہوں، تو فوری طور پر قریبی محفوظ عمارت میں پناہ لیں اور مزید معلومات اور ہدایات کے لیے Notify NYC (یا اگرو دستیاب ہوتو مقامی ریڈیو اور ٹی وی چینلز) پر نظر رکھیں۔

اگر آپ یا آپ کے خاندان کے افراد مصدقہ RDD دھماکے کی جگہ سے قریب ہوں، تو ممکنہ تابکاری سے بچنے کے لیے درج ذیل اقدامات پر عمل کریں۔ صرف طبی ہنگامی صورتحال کی صورت میں اسپتال جائیں ورنہ نہ جائیں۔

- اپنا اوپری لباس اور جوتے اتار دیں۔ اس اقدام سے 90% تابکاری مواد ہٹایا جا سکتا ہے۔ گرد کو نہ جھاڑیں اور نہ ہی صاف کریں۔
- وہ کپڑے اور جوتے جنہیں آپ نے پہن رکھے تھے، انہیں پلاسٹک کے تھیلے یا کسی اور کنٹینر میں سیل کریں اور انہیں لوگوں اور پالتو جانوروں سے دور رکھیں، لیکن انہیں کوڑے میں ہرگز نہ پھینکیں۔
- اپنی ناک کو آہستگی و احتیاط سے صاف کریں اور اپنی آنکھوں اور کانوں کو صاف گیلے کپڑے سے پونچھ لیں۔
- صابن کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے نہائیں۔ اپنے جسم کو سر سے شروع کرتے ہوئے پیروں تک دھوئیں۔ اپنی جلد کو رگڑنے یا کھجانے سے گریز کریں۔ بال دھونے کے لیے صرف شیمپو استعمال کریں۔ کنڈیشنر کا استعمال نہ کریں کیونکہ یہ تابکار مواد کو بالوں اور جلد سے چپکا سکتا ہے۔
- اگر نہا نہ سکیں تو خشک یا گیلا کپڑا یا وائپس استعمال کریں تاکہ اَن ڈھکے (کھلے) حصوں، خاص طور پر چہرے اور ہاتھوں کو صاف کیا جا سکے۔ استعمال شدہ کپڑا یا وائپس کو آلودہ کپڑوں کی طرح تھیلے یا کنٹینر میں بند کر دیں۔
- جو بھی کپڑے اور جوتے دستیاب ہوں اور گرد سے آلودہ نہ ہوں، انہیں پہن لیں۔ ضرورت پڑنے پر پڑوسی سے کپڑے ادھار لے لیں۔
- تمام ذاتی آلات اور سامان، خاص طور پر وہیل چیئرز اور دیگر معاون آلات، جو ممکنہ طور پر تابکار مواد کے زیر اثر آئے ہوں، انہیں گیلے کپڑے یا وائپس استعمال کرتے ہوئے صاف کریں۔ پہیوں کو صاف کرنا ہرگز مت بھولیں۔ اس کے بعد اپنے ہاتھ دھوئیں۔
- پالتو جانوروں اور خدمت گزار جانوروں کو آلودگی سے پاک کرنے کے لیے انہیں نہلائیں اور شیمپو کریں۔ ان کے بال مونڈنے کی ضرورت نہیں ہے۔

F. عمارت میں دھماکہ ہونا/گرنا

FDNY 2018 ©

عمارت میں دھماکے کی سب سے عمومی وجہ گیس کا اخراج ہوتا ہے۔ تفصیلات کے لیے سیکشن 6 (C)(3) "گیس لیکیج" ملاحظہ فرمائیں۔

عمارت میں دھماکے آلات کی خرابی یا مجرمانہ سرگرمی کا شاخسانہ بھی ہو سکتے ہیں۔

دھماکے عمارتوں یا ان کے کچھ حصوں کے گرنے کا سبب بن سکتے ہیں۔ عمارت کے گرنے کی ایک اور وجہ عمارت کی ساخت میں غیر قانونی یا غیر مناسب تبدیلیاں ہو سکتی ہیں۔

ناقابلِ احتراق تعمیر والی بلڈنگوں (جیسے کہ کنکریٹ یا اسٹیل اسٹرکچر والی عمارتیں) میں ماسوائے غیر معمولی حالات کے گرنے کا امکان کم ہوتا ہے۔

اگر آپ کے اپارٹمنٹ کی عمارت میں کوئی دھماکہ ہو تو:

- عمارت کو پہنچنے والے نقصان کی شدت کا اندازہ لگانے کی کوشش کریں (جیسے کہ چھتوں یا دیواروں کا گرنا یا دراڑیں پڑنا، دھول کے بادل، یا گیس کی تیز بو) اور دیکھیں کہ آیا آپ فوری خطرے میں ہیں۔
- اگر حالات اجازت دیں تو عمارت کو جلد از جلد اور پرسکون رہتے ہوئے خالی کریں۔
- جیسے ہی آپ کسی محفوظ جگہ پر پہنچیں 911 پر کال کریں۔
- اگر محفوظ طریقے سے باہر نکلنا ممکن نہ ہو یا آپ کو یقین نہ ہو کہ باہر نکلنا محفوظ ہے، تو 911 پر کال کریں اور ان کی فراہم کردہ ہدایات پر عمل کریں۔
- اگر دیواروں یا چھتوں کے گرنے کا امکان ہو تو مضبوط فرنیچر (جیسے میز) کے نیچے پناہ لیں۔

اگر آپ کی عمارت میں دھماکے کے نتیجے میں چھت یا دیوار گر جائے اور آپ ملبے کے نیچے پھنس جائیں تو:

- اپنی ناک اور منہ کو خشک کپڑے یا لباس سے ڈھانپ لیں۔
- زیادہ سے زیادہ ساکن رہیں تاکہ دھول پیدا نہ ہو، کیونکہ یہ نقصان دہ ہو سکتی ہے اور سانس لینے میں دشواری پیدا کر سکتی ہے۔
- کسی پائپ یا دیوار پر دستک دیں تاکہ امدادی کارکن آپ کی جگہ کا پتہ لگا سکیں۔ اگر دستیاب ہو تو کسی سیٹی کا استعمال کریں۔

G. دہشت گردی

دہشت گرد کا بنیادی مقصد خوف پیدا کرنا ہے۔ درست معلومات اور بنیادی ہنگامی تیاری کے ساتھ ، آپ اسکا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ PlanNowNYC ویب سائٹ کا دورہ کریں، جو NYC ایمرجنسی مینجمنٹ اور شہر کی دیگر ہنگامی ردعمل ایجنسیوں نے نیویارک کے رہائشیوں کو دہشت گردانہ حملوں کے لیے تیار کرنے میں مدد دینے کے لیے تیار کی ہے۔ سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔

1. حقائق جانیں اور ذمہ دار رہیں

- یہ یاد رکھیں کہ دہشت گردی مختلف شکلوں میں ہو سکتی ہے۔ اوپر بیان کردہ آتشزدگی اور نان۔ فائر ہنگامی صورتحال کے لیے تیاری کرکے، آپ دہشت گردانہ حملوں کے لیے بھی تیاری کر رہے ہوں گے۔

- حالات کے حقائق جانیں اور تنقیدی طور پر سوچیں۔ مصدقہ رپورٹوں کی تصدیق مختلف معتبر ذرائع معلومات جیسے حکومت یا میڈیا سے کریں۔ افواہیں نہ پھیلائیں۔

- اجنبیوں سے پیکج نہ لیں اورعوامی جگہوں جیسے سب وے میں سامان یا بیگ بغیر نگرانی کے نہ چھوڑیں۔

- اگر آپ کو کوئی مشکوک پیکج یا لفافہ ملے تو اسے ہاتھ نہ لگائیں۔ 911 پر کال کریں اور شہر کے عہدیداروں کو آگاہ کریں۔ اگر آپ نے پیکج کو ہاتھ لگایا ہے تو فوراً صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ دھو لیں۔ مشکوک پیکجوں کی شناخت کے لیے امریکی پوسٹل سروس کی تجاویز پڑھیں۔ مزید معلومات کے لئے ، سیکشن 7، ہنگامی تیاری کے وسائل ملاحظہ فرمائیں۔

2. جاری شوٹر ایمرجنسی

ایک فعال (جاری) شوٹر ایمرجنسی میں، ایک یا زیادہ مسلح افراد کسی عمارت یا دیگر مقام پر داخل ہوتے ہیں، جن کا مقصد عام طور پر کئی افراد پر بلا ترتیب گولیاں چلانا ہوتا ہے۔

فعال شوٹر ایمرجنسی کے واقعات عام طور پر عوامی عمارتوں اور مقامات سے منسلک ہوتے ہیں، نہ کہ اپارٹمنٹ بلڈنگز سے۔ تاہم، ایک ایکٹیو شوٹر ایمرجنسی آپ کی اپارٹمنٹ بلڈنگ کے اندر یا آس پاس، یا جہاں آپ کام کرتے ہیں، خریداری کرتے ہیں یا تفریحی وقت گزارتے ہیں، وہاں پیش آ سکتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اس قسم کی ہنگامی صورتحال کا جواب دینے کا طریقہ سمجھیں۔

ایکٹیو شوٹر کی ہنگامی صورتحال کے دوران، تجویز کی دی جاتی ہے کہ آپ:

1. (بھاگنے) سے گریز کریں)۔ اگر ہو سکے تو شوٹر سے دور ہو جائیں۔ اپنا ذاتی سامان پیچھے چھوڑ جائیں۔

FDNY 2018 ©

2. مورچہ بندی (چھپ جائیں)۔ اگر آپ محفوظ طریقے سے علاقے سے نکل نہیں سکتے تو کسی اپارٹمنٹ یا دوسرے کمرے میں چلے جائیں۔ دروازہ لاک کردیں اور/یا بڑی اور بھاری بھرکم اشیاء سے اسے بلاک کر دیں تاکہ داخل ہونا مشکل ہو۔ اگر ممکن ہو تو کسی بڑی اور ٹھوس چیز کے پیچھے چھپ جائیں، تاکہ اگر دروازے یا دیوار کے آر پار گولیاں چلائی جائیں تو تحفظ ہو سکے۔ شور کرنے والی تمام اشیاء کو بند کر دیں اور بالکل خاموش اور ساکن رہیں۔ اپنا موبائل فون اور دیگر ڈیوائسز کو خاموش (silent) پرکردیں، وائبریٹ پر نہ رکھیں۔

3. ٹکراؤ (مقابلہ)۔ اگر آپ اور دیگر افراد اس جگہ سے محفوظ طریقے سے باہر نہیں نکل سکتے، چھپنے کے لیے کوئی جگہ دستیاب نہیں، یا شوٹر آپ کے اپارٹمنٹ یا چھپنے کی جگہ میں داخل ہو جاتا ہے، تو اپنی حفاظت کے لیے جو کچھ بھی بن پڑے ضرور کریں۔ اگر ممکن ہو تو اپنے عمل کو دوسرے (مدافعت کرنے والوں) کے ساتھ ہم آہنگ کریں۔ اپنے اقدامات کے لیے پُرعزم رہیں اور جارحانہ انداز میں اقدام کریں۔ ہتھیار کے طور پر دستیاب اشیاء کا استعمال کریں اور (انھیں) چیزیں اٹھا کر ماریں۔ زور سے چلائیں۔

4. جب بھی محفوظ طور پر ممکن ہو تو 911 پر کال کریں۔

قانون نافذ کرنے والے اہلکار ایکٹیو شوٹر واقعہ پر کارروائی کرتے وقت شوٹر (شوٹرز) کی شناخت کرنے اور انہیں غیر مؤثر بنانے پر توجہ مرکوز کریں گے۔ قانون نافذ کرنے والے اہلکار ہر اُس شخص کے ہاتھوں کو دیکھیں گے جس سے ان کا سامنا ہوگا، تاکہ شوٹر کی شناخت کر سکیں اور اپنی حفاظت کو یقینی بنا سکیں۔

1. اپنے ہاتھ خالی رکھیں اور انہیں اپنے سر سے اوپر اٹھا لیں۔ ایسی کوئی چیز نہ اٹھائیں جو ہتھیار یا خطرناک ڈیوائس کے طور پر سمجھی جا سکے۔

2. ایسا کوئی عمل نہ کریں جو قانون نافذ کرنے والے اہلکار کو آپ کو خطرہ سمجھنے پر مجبور کر دے۔ کوئی حرکت اچانک نہ کریں۔ اہلکاروں سے فاصلہ برقرار رکھیں۔ ان کی طرف دوڑنے یا انہیں پکڑنے کی کوشش نہ کریں۔

3. ابتدائی طور پر ملنے والے قانون نافذ کرنے والے اہلکار ممکنہ طور پر طبی امداد فراہم نہیں کر سکتے۔ اگر ممکن ہو تو مدد طلب کرنے سے پہلے کسی زیادہ محفوظ جگہ پر چلے جائیں۔

4. آپ کو واقعے کے مقام سے فوری طور پر جانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ تفتیش کے لیے حراست میں لیے جانے کے لیے تیار رہیں۔

7. ہنگامی تیاری کیلئے درکار وسائل

ہنگامی تیاری کے بنیادی اصول

Notify NYC: Notify NYC کے نوٹیفیکیشنز حاصل کرنے کے لیے NYC.gov/NotifyNYC پر جائیں، @NotifyNYC کو ٹوئٹر پر فالو کریں، 311 پر رابطہ کریں، یا اپنے ایپل یا اینڈرائیڈ ڈیوائس ایپ مفت ڈاؤن لوڈ کریں۔
https://a858-nycnotify.nyc.gov/notifynyc/

ریڈی نیو یارک (NYC) (Ready New York ایمرجنسی مینجمنٹ): ریڈی نیویارک گائیڈز ہر قسم کی ہنگامی صورتحال کے لیے مشورے اور معلومات فراہم کرتی ہیں۔ یہ گائیڈز مختلف زبانوں اور آڈیو فارمیٹ میں دستیاب ہیں۔
http://www1.nyc.gov/site/em/ready/guides-resources.page

ریڈیوس یور رسک گائیڈ (NYC) (Reduce Your Risk Guide ایمرجنسی مینجمنٹ): یہ گائیڈ ان اقدامات کی وضاحت کرتی ہے جو پراپرٹی مالکان خطرات کے تدارک کے ذریعے تیاری کے لیے بروئے کار لا سکتے ہیں — ایسے مؤثر اور دیرپا اقدامات جو انسانی زندگی یا جائیداد کو خطرات سے لاحق طویل مدتی خطرے کو کم کرنے کے لیے انجام دیئے جائیں۔
http://www1.nyc.gov/site/em/ready/guides-resources.page#reduce_your_risk

اپارٹمنٹ کے رہائشیوں کے لیے معلومات (نیویارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (HPD)): HPD کی ویب سائٹ پر یہ وضاحت کی گئی ہے کہ اپارٹمنٹ کرائے دار موسمی ہنگامی صورتحال، قدرتی آفات، خطرات اور بجلی کی بندش کے لیے کیسے تیاری کریں نیز ان کا سامنا کیسے کریں۔ ان کی ویب سائٹ پر یہ معلومات بھی موجود ہیں کہ رہائشی عمارتوں میں قابل رہائش حالات کو برقرار رکھنے کے لیے مالک مکان کی قانونی ذمہ داری کیا ہے، بشمول طوفان سے متعلق یا دیگر نقصان کے بعد کے اقدامات۔
https://www1.nyc.gov/site/hpd/services-and-information/disaster-response.page

وہ افراد جنھیں مدد کی ضرورت ہے

صحت کے مسائل سے دوچار افراد (نیویارک سٹی ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ مینٹل ہائیجین)۔ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ صحت کی ہنگامی صورتحال پر مرکوز ہے، لیکن یہ بھی وضاحت کرتی ہے کہ اگر آپ کو خاص صحت کے مسائل درپیش ہوں، جیسے ڈائیلاسس کے مریض یا محدود نقل و حرکت والے افراد، تو کسی بھی ہنگامی صورتحال کے لیے کیسے تیاری کریں:
http://www1.nyc.gov/site/doh/health/emergency-preparedness/individuals-and-families-dme.page

زندگی کو برقرار رکھنے والے آلات کے صارف کے طور پر رجسٹر ہونے کا طریقہ: کون ایڈیسن (Con Edison) خصوصی خدمات، 1-800-752-6633 (TTY: 1-877-423-4372) اور ویب سائٹ:
https://www.coned.com/en/accounts-billing/payment-plans-assistance/special-services

PSEG انتہائی نگہداشت کا پروگرام (راکاویز صارفین): (Rockaways customers): 800-490-0025 اور ویب سائٹ:
https://www.psegliny.com/myaccount/customersupport/customerassistanceprograms/criticalcareprogram

نیشنل گرڈ NYC کسٹمر سروس (بروکلین ، کوئینز، اور سٹیٹن آئی لینڈ کے صارفین):
718-643-4050 (یا نیویارک اسٹیٹ ریلے سروس کے لیے 711 ڈائل کریں)

نیشنل گرڈ لانگ آئلینڈ کسٹمر سروس (Rockaways customers): 800-930-5003۔

NYC 988: ذہنی صحت سے متعلق معلومات، رہنمائی، یا کسی سے بات کرنے کی ضرورت ہو تو NYC 988، نیویارک سٹی کی خفیہ 24 گھنٹے ذہنی صحت کی ہاٹ لائن پر کال کریں: کسی بھی وقت 988 ڈائل کریں یا ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔
https://nyc988.cityofnewyork.us/en/

گھر کا تحفظ اور آتش زدگی کی روک تھام

گھر کا تحفظ:

اسموک الارمز اور کاربن مونو آکسائیڈ ڈیٹیکٹرز (نیویارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (HPD)): HPD کی ویب سائٹ پر مالک مکان اور کرایہ داروں کی قانونی ذمہ داریوں کے بارے میں معلومات موجود ہیں، جن میں اسموک الارمز اور کاربن مونو آکسائیڈ ڈیٹیکٹرز کی تنصیب اور دیکھ بھال شامل ہے۔
https://www1.nyc.gov/site/hpd/services-and-information/smoke-carbon-monoxide-detectors.page

فائر سیفٹی پبلیکیشنز (NYC فائر ڈیپارٹمنٹ): فائر ڈیپارٹمنٹ نے اپنی ویب سائٹ پر آگ سے تحفظ کی معلومات 25 سے زیادہ مختلف موضوعات پر فراہم کی ہیں، جن میں دھوئیں اور کاربن مونو آکسائیڈ الارمز شامل ہیں۔
http://www1.nyc.gov/site/fdny/education/fire-and-life-safety/fire-life-safety.page
http://www1.nyc.gov/site/fdny/education/fire-and-life-safety/fire-safety-educational-publications.page
http://www.fdnysmart.org/

دھویں کے الارم (امریکن ریڈ کراس): ریڈ کراس کی ویب سائٹ پر آگ سے تحفظ اور دھوئیں کے الارم کی تنصیب کے بارے میں معلومات دستیاب ہیں۔ یہ ادارہ اور اس کے شراکت دار ان افراد کے لیے محدود تعداد میں دھوئیں کے الارم مفت نصب کرتے ہیں جو انہیں خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے یا جو جسمانی طور پر دھوئیں کا الارم نصب کرنے سے قاصر ہیں۔ ریڈ کراس بہرے یا سننے میں دشواری کا شکار افراد کے لیے خصوصی بیڈ سائیڈ الارمز کی محدود تعداد بھی نصب کرتا ہے۔

عمومی معلومات کے لئے وزٹ کریں: https://www.redcross.org/sound-the-alarm
خریداری یا تنصیب کرنے میں مدد کے لئے:
http://www.redcross.org/local/new-york/greater-new-york/home-fire-safety

آتشزدگی کی روک تھام

فائر سیفٹی پبلیکیشنز (NYC فائر ڈیپارٹمنٹ): فائر ڈیپارٹمنٹ نے اپنی ویب سائٹ پر آگ سے تحفظ کے بارے میں معلومات 25 سے زیادہ مختلف موضوعات پر فراہم کی ہیں، جن میں آگ سے گھریلو تحفظ کے مشورے، آگ بجھانے والے آلات کے درست استعمال، موم بتیوں کے محفوظ استعمال، اور بزرگوں کے لیے آگ سے تحفظ کے نکات شامل ہیں۔
http://www1.nyc.gov/site/fdny/education/fire-and-life-safety/fire-safety-educational-publications.page

فائر کوڈ گائیڈ (نیویارک سٹی فائر ڈیپارٹمنٹ) فائر ڈیپارٹمنٹ نے نیویارک سٹی فائر کوڈ اور فائر ڈیپارٹمنٹ کے قواعد کے تحت آگ سے تحفظ کی ضروریات کے بارے میں رہنمائی فراہم کی ہے، جن میں موم بتی کے استعمال کی حفاظت اور آرائشی الکحل سے چلنے والے فائر پلیسز (باب 3)، کرسمس ٹری کی حفاظت (باب 8)، اور برقی خطرات کی روک تھام (باب 6) شامل ہیں۔
https://www1.nyc.gov/site/fdny/codes/reference/reference.page

اپنی عمارت سے واقفیت حاصل کریں

فائر سیفٹی پبلیکیشنز (NYC فائر ڈیپارٹمنٹ): فائر ڈیپارٹمنٹ نے اپنی ویب سائٹ پر 25 سے زائد مختلف موضوعات پر فائر سیفٹی کی معلومات پوسٹ کی ہیں ، بشمول عمارت کی تعمیر:
http://www1.nyc.gov/site/fdny/education/fire-and-life-safety/fire-safety-educational-publications.page

عمارت کی تعمیر (FDNY فاؤنڈیشن): FDNY فاؤنڈیشن ایک غیر منفعتی فاؤنڈیشن ہے جو آگ سے حفاظت کی تعلیم کی ترویج کرتا ہے۔ اس کی ویب سائٹ پر معلومات موجود ہیں جو آپ کو یہ جاننے میں مدد دیتی ہیں کہ آپ فائر پروف عمارت میں رہتے ہیں یا نان فائر پروف عمارت میں:
http://www.fdnysmart.org/safetytips/fire-proof-or-non-fire-proof/

اپارٹمنٹ کی شناخت اور آگ سے متعلق ہنگامی نشانات (نیویارک سٹی فائر ڈیپارٹمنٹ) اپارٹمنٹ کی شناخت اور آگ سے متعلق ہنگامی نشانات کی شرائط کے بارے میں مزید معلومات کے لیے نیویارک سٹی فائر کوڈ کے سیکشنز FC 505.3 اور FC 505.4 نیز فائر ڈیپارٹمنٹ کے قواعد 3 RCNY 505-01 اور 505-02 ملاحظہ فرمائیں۔ فائر ڈیپارٹمنٹ نے اپنی ویب سائٹ پر فائر کوڈ اور قواعد فراہم کیے ہیں، جن کے ساتھ فائر کوڈ گائیڈ بھی شامل ہے، جس میں (باب 5 میں) ان شرائط سے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات شامل ہیں۔ اس معلومات کا لنک یہ ہے:
https://www1.nyc.gov/site/fdny/codes/fire-code/fire-code.page
https://www1.nyc.gov/site/fdny/codes/fire-department-rules/fire-dept-rules.page
https://www1.nyc.gov/site/fdny/codes/reference/reference.page

آتشزدگی/ بغیر آتشزدگی کی ہنگامی حالت میں کیا کریں

انخلا میں مدد: لفٹ اور اٹھا لے جانے کی تکنیکیں (لاس اینجلس شہر): ایک یا دو افراد کے ذریعے کسی کو اٹھانے کے مختلف طریقے، خاکوں اور ہدایات کے ساتھ: http://www.cert-la.com/downloads/liftcarry/Liftcarry.pdf

انخلا کے آلات (NYC میئر کا دفتر برائے معذور افراد): شہر نے سیڑھیوں والی کرسیوں اور دیگر انخلاء کے آلات کے بارے میں معلومات فراہم کی ہیں، جن میں آپ کی عمارت میں استعمال کے لیے انخلاء کا آلہ خریدنے پر غورکرنا شامل ہے۔
http://www1.nyc.gov/site/mopd/resources/considerations-for-purchasing-an-evacuation-devise-for-use-in-your-building.page

بجلی کی بندش۔ بجلی کی بندش اور دیگر افادیت کی ہنگامی صورتحال کی اطلاع دینے کے لئے رابطہ نمبر ذیل میں درج ہیں:

یوٹیلیٹی کمپنی ایمرجنسی نمبر:
کون ایڈیسن (24Con Edison گھنٹے ہاٹ لائن: 800-752-6633 (TTY: 1-877-423-4372)
نیشنل گرڈ 24 گھنٹے ہاٹ لائن: 1-718-643-4050

مشکوک خط یا پیکجز: امریکی پوسٹل سروس نے اس بارے میں معلومات شائع کی ہیں کہ آپ خود کو، اپنے کاروبار کو، اور اپنے میل روم کو ایسے پیکج سے کیسے محفوظ رکھ سکتے ہیں جو بم (دھماکہ خیز مواد)، ریڈیولوجیکل، حیاتیاتی یا کیمیائی خطرے پر مشتمل ہو:
http://about.usps.com/posters/pos84/welcome.htm

دہشت گردی

PlanNow NYC (NYC ایمرجنسی مینجمنٹ) نیو یارک سٹی کی ویب سائٹ ہے جو نیو یارک کے رہنے والوں کو ممکنہ دہشت گردانہ کارروائیوں اور دیگر ہنگامی حالات کے بارے میں آگاہ کرتی ہے۔ یہ انٹرایکٹو ویب سائٹ نیو یارک کے رہنے والوں کو ممکنہ ہنگامی صورتحال جیسے کہ ایکٹو شوٹر واقعہ، یا ریڈیولوجیکل، حیاتیاتی یا کیمیائی حادثے کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اور ان کے لیے تیار رہنے کی تربیت دینے کے لیے تیار کی گئی ہے: https://plannownyc.cityofnewyork.us/

بھاگ جائیں، چھپ جائیں، مقابلہ کریں (ہیوسٹن شہر): ہیوسٹن شہر نے ایک ویڈیو شائع کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ عوام کو ایکٹو شوٹر کے واقعے کے دوران کیسے ردعمل دینا چاہیے:
https://www.youtube.com/watch?v=5VcSwejU2D0

NYPD شیلڈ (NYC پولیس ڈیپارٹمنٹ): NYPD Shield نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کا ایک پروگرام ہے جو عمارتوں کے مالکان اور دیگر نجی کاروباری اداروں کو معلومات کے تبادلے کے ذریعے دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے فراہم کیا گیا ہے: https://www.nypdshield.org/public/

w/cover) 12-06-2024) 401-06